دیوان

حکیم الممالک مولوی حکیم عبدالباسط المتخلص بہ عشق

موسوم بہ

ترانۂ عشق حصہ اول

مشتمل بر

غزلیات و رباعیات فارسی

دیباچہ

حکیم عبدالباسط المتخلص بہ عشق

مولوی مہدی واصف مشہور مصنف کے فرزند اکبر ہیں۔ مہدی صاحب کی تصانیف نے دکن میں خاصی شہرت و مقبولیت حاصل کی سب سے پہلے انہوں نے اردو کا لغت فارسی میں لکھا اور اردو انگریزی ڈکشنری ترتیب دی وہ نہ صرف علوم مشرقیہ کے یگانۂ روزگار عالم تھے بلکہ انگریزی ترکی اور کئی زبانوں کے ماہر تھے۔ ان کی فارسی تصنیف "حکایات دل پسند" جس میں امثال لقمان کو انگریزی سے نثر فارسی کا جامہ پہنایا گیا ہے ہندوستان کے اکثر مدارس میں زیر درس رہی اور مختلف مطابع میں چھپ چکی ہے۔ انہوں نے علاوہ دیگر تصانیف کے فارسی کا ایک مختصر لغت اور فارسی محاورات پر ایک مستقل کتاب تصنیف کی ہے اور ایک تذکرہ "معدن الجواہر" نامی بھی لکھا ہے۔ جس میں اپنے ہمعصروں اور فارسی زبان کے مشہور شاعروں کے حالات جمع کئے ہیں۔ ان کے دو مختصر دیوان بھی۔ فارسی اور اردو میں موجود ہیں مولوی مہدی واصف کے والد عارف الدین خاں ذوقی بھی فارسی کے مشہور شاعر اور دربار والاجاہ (مدراس) میں خاص عزت و منزلت رکھتے تھے۔ عرصہ ہوا کہ راقم الحروف نے ان کا دیوان مع مختصر حالات کے شائع کر دیا ہے۔

الغرض حضرت عشق کے خاندان میں ملکۂ شاعری وراثتاً چلا آرہا ہے چنانچہ وہ اپنے ایک شعر میں فرماتے ہیں۔

نازم بہ سخن عشق رسد سند مستم
میراثِ گرانمایۂ جد و پدرِ من

حدائقہ کاملہ "گلزار اعظم" میں لکھا ہے کہ حضرت عشقؔ مدراس میں ایک ہفتہ وار اخبار "تمیز الاخبار"
بھی نکالتے تھے لیکن معلوم نہیں ہوا کہ یہ اخبار فارسی میں تھا یا اُردو میں افسوس ہے کہ
کہیں اس اخبار کے پرچے دیکھنے میں نہیں آئے۔ ورنہ بہت سے حالات پر روشنی پڑتی۔

حضرت عشقؔ نے جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے اگرچہ اپنے والد اور ماموں سے
فارسی، عربی، درسی کتب کی تحصیل فرمائی تھی۔ لیکن کلام کی اصلاح خان عالم خاں بہادر
فاروقؔ سے لیا کرتے تھے۔

معلوم ہوتا ہے کہ شاگرد کو اُستاد سے اور استاد کو شاگرد سے خاص ربط و تعلق
تھا چنانچہ فرماتے ہیں۔

زشعر پُر اثرم عشقؔ اثر ہویدا شد   دعائے حضرت فاروقؔ برگزین مرا

ایک دوسرے شعر میں استاد سے جدائی پر اس طرح افسوس کرتے ہیں۔

جدا ز حضرت فاروقؔ تا شدم اے عشقؔ   ربا درفت سخن خاطر حزین مرا

"اشارات بینش" میں لکھا ہے کہ فاروقؔ نے مولوی سید دلدار علی کی تصنیف پر جو غالباً مذہب
شیعیت کی تائید میں لکھی گئی تھی۔ یہ رُباعی موزوں کی تھی۔

دلدار علی کہ داد تالیف بداد   اثنا عشریہ را نمودہ برباد
یعنی ز صوارم و حسام اسلام   برگردن ہر شیعی منت بنہاد

اس کا جواب سعید بیگ طلبؔ نے یوں دیا۔

فاروقؔ بنائے ایں رباعی چو فگند   از انصاف ہمہ شیعہ و سُنی گفتند
اکنوں ز صوارم و حسام اسلام   البتہ نمودیست قطع پیوند

حضرت عشقؔ نے اپنے استاد کی حمایت میں کئی رباعیاں لکھ کر بھجوائی تھیں جن میں سے
حسب ذیل دو رباعیاں تذکرہ گلزار اعظم میں درج ہیں۔

"نامردہ قطع دادہ بے طلبم   ممنوں تو اے سعید بیگ طلبم

"تذکرۂ گلزار اعظم کی تصریح کی بموجب جس کو نواب غلام غوث خاں آخری یادگار خاندان والاجاہی نے شعرائے والاجاہی کے حالات میں ترتیب دیا ہے حکیم عبدالباسط عشق کی پیدائش ۱۲۳۸ھ میں بمقام مدراس ہوئی۔ وہیں انہوں نے ہوش سنبھالا اور اپنے والد مولوی مہدی واصف اور اپنے ماموں حاجی زین العابدین سے جو اس زمانہ کے فارسی کے جیّد اساتذہ میں شمار کئے جاتے تھے نیز نواب خان عالم خان فاروقی سے جو علم و فضل کے ساتھ فن شعر میں بھی کمال رکھتے تھے عربی فارسی کی درسی کتابوں کی تحصیل کی اور اس کے بعد مدراس کے میڈیکل کالج میں جو وہاں پہلے پہل قائم کیا گیا تھا شریک ہو گئے اور ڈاکٹری کی سند حاصل کی۔ ان کا اس زمانہ کے مشہور و معروف ڈاکٹروں میں شمار تھا۔ اور وہ سرجری میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ میں نے اپنے بچپن میں ان کا کتب خانہ دیکھا ہے جو کئی الماریوں پر مشتمل تھا جس میں ڈاکٹری کے ہر فن پر بیش بہا کتابیں فراہم کی گئی تھیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہیں اپنے فن سے کس قدر شغف تھا۔ اور ان کا مطالعہ اور ان کی نظر اس فن پر کس قدر وسیع تھی باوجود اس حذاقت و مہارت طبی کے انہوں نے اس شریف پیشہ کو اپنا ذریعہ آمدنی نہیں بنایا۔ بلکہ اپنے دوست احباب اور غرباء کا علاج مفت کرتے تھے۔ بسا اوقات ان کی دواؤں کے اخراجات بھی خود اٹھاتے تھے اس فیاضی اور سیر چشمی کی وجہ سے اکثر مقروض اور تنگدست رہتے تھے لیکن با ایں ہمہ کبھی انہوں نے اپنا طریقہ نہیں بدلا۔ ان کی انگریزی قابلیت اور مہارت و حذاقت طبی کے متعلق گلزار اعظم میں لکھا ہے:-

"زبان انگریزی دیار روہ فن طب انگریزی از مستندان اہل لساں آموختہ و بہرۂ وافی اندوختہ"

ان کے والد مولوی مہدی واصف اپنی تصنیف حدیقۃ المرام میں ان کی نسبت لکھتے ہیں:-

"شاب ذکی لہ مہارۃ فی العربیۃ والفارسیۃ والانکلیزیۃ لاسیما فی علم الطب لہ

تذکرہ گلزار اعظم ۱۲۶۹ھ میں تصنیف ہوا ہے اس میں جو حالات درج ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے اس وقت حضرت عشقؔ مدراس میں مقیم تھے۔ غالبًا اس کے بعد ہی وہ میسور گئے ہیں۔ اس لحاظ سے میسور کا زمانہ قیام آٹھ نو سال سے زیادہ نہیں معلوم ہوتا۔

یہاں آنے کے بعد نواب سالار جنگ اول نے ان کے فضل و کمال کی قدردانی فرمائی اور انہیں دفتر دیوانی میں سررشتہ داری کی خدمت تفویض ہوئی اس کے بعد جب نوادر خانہ کے نام سے ایک عجائب خانہ قائم ہوا تو وہ اس کے مہتمم بنائے گئے۔ جب نوادر خانہ بے ضرورت سمجھ کر برخواست کیا گیا۔ تو حضرت عشقؔ کو پوری تنخواہ کا وظیفہ کر دیا گیا کہ ان کے علاج معالجہ سے مخلوق خدا کو بہت فیض پہنچتا تھا لیکن کبھی کبھی ان سے علاوہ دیوانی کے بعض امرا کے علاج معالجہ کا کام لیا جاتا تھا۔

حیدرآباد آنے کے بعد ان کا زیادہ تر مشغلہ علاج معالجہ اور درس و تدریس اور شعر و شاعری تھا۔ شطرنج بھی بہت شوق سے کھیلتے تھے اور یہ شوق بھی کچھ شاعری کی طرح ورثتًا ملا تھا۔ کیوں کہ ان کے دادا عارف الدین خان ذوقیؔ کی نسبت بھی سنا گیا ہے کہ ان کو بھی شطرنج کا بہت شوق تھا۔

غالبًا اپنی اس بیکاری کی جانب ہی انہوں نے اپنے اس شعر میں اشارہ کیا ہے۔

دمیدم حسرتِ ہر کار بمن میگوید
کہ زبیکاری خود عشقؔ چہا نتواں کرد

اپنے ایک دوسرے شعر میں کہتے ہیں۔

فرصت نشد کہ شکوہ زکم فرصتی کنم
بیکار لیکہ می گزرد روزگار من

فاروقم و بہر قطع ہر بدعت و شرک   شمشیر محمد و علی می طلبم
اے اہل صلاح کیش ارباب فساد   دارد بر کذبے زور و بہتان بنیاد
بر قطع زفاروق کذا میں سنی   با رافض سب طلب موافق افتاد

یہ وہ زمانہ تھا کہ خاندان والاجاہی کی بساط حکومت سمیٹی جا رہی تھی اور غدر سے کچھ دنوں پہلے ہی اطراف واکناف ہند سے علماء و فضلاء کے قافلے حیدرآباد کو اسلامی مرکز خیال کر کے چلے آ رہے تھے خود اس خاندان کے بہت سے افراد حیدرآباد پہنچ چکے تھے۔ حضرت عشقی کے والد چچا اور دادا حیدرآباد آ چکے تھے نواب شمس الامراء بہادر اور ان کے بعد نواب سالار جنگ اول جن کو اہل کمال کی قدردانی اور حوصلہ افزائی سے خاص دلچسپی تھی اطراف واکناف ہند سے علماء و فضلاء اور شعراء کو دعوت دے دے کر بلا رہے تھے اور ہر شخص کو اس کی قابلیت اور مرتبہ و منزلت کے لحاظ سے خدمات و مناصب عطا فرما کر اپنی علم پروری اور معارف نوازی کا ثبوت دے رہے تھے جس کی وجہ سے حیدرآباد اہل فضل و کمال کا اچھا خاصہ مرکز بن گیا تھا۔

حضرت عشقی اپنی جوانی کا ایک معتدبہ حصہ مدراس میں گزارنے کے بعد تلاش روزگار میں میسور چلے گئے۔ اور وہاں محکمہ رسال میں انہیں ایک معقول خدمت مل گئی۔ چونکہ اکثر اعزہ و احباب حیدرآباد چلے گئے تھے۔ اس لئے ان کا دل میسور میں نہ لگا۔ چند سال وہاں رہنے کے بعد وہ اکتا کر بلدہ چلے آئے۔ غالباً حیدرآباد میں ان کا ورود ۱۲۷۹ھ ہجری کے بعد کا واقعہ ہے۔

کیونکہ حدیقۃ المرام میں جو سن مذکور میں طبع ہوئی ہے۔ مہدی واصف نے میسور میں ان کی موجودگی کا تذکرہ کیا ہے۔ اس وقت ان کی عمر (۴۰) سال سے متجاوز ہو چکی تھی۔

جو متفرق پرزوں پر لکھے گئے تھے۔ کوئی ذخیرہ نہیں تھا۔ نواب اسد علیخاں صاحب جو حضرت عشق
کے قدیم دوست تھے۔ ان کے پاس بھی کچھ کلام موجود تھا جس کو حضرت موصوف نے ان سے حاصل
کرکے مولوی عبدالواجد صاحب کے حوالہ کر دیا۔

معلوم ہوتا ہے حضرت عشق کے زمانہ میں ہی ان کی اردو غزلیات جس قدر مل سکیں ان کو
صاف کرکے صاحب موصوف نے ایک مجموعہ ترتیب دے لیا تھا۔ جس کے دیباچہ میں وہ لکھتے
ہیں کہ حضرت عشق کے ایما سے انہوں نے اس کا نام "ترانۂ عشق" رکھا ہے۔ لیکن فارسی
کلام بجز چند غزلیات کے صاف ہو سکا اور بہت سے پرزے مسودہ کی حالت ہی میں پڑے
رہے اور ان کے مرتب اور ایک جگہ فراہم کرنے کی نوبت نہیں آئی۔ حالانکہ ان کا فارسی کلام
ہی زیادہ اعتنا کا مستحق تھا کیوں کہ وہ درحقیقت فارسی کے شاعر تھے۔ اردو میں وہ بطور تفنن
طبع کے شعر کہا کرتے تھے۔ دو تین ان کے دادا ان کو اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں
فکر شعر کرتے ہوئے دیکھ کر منع کرتے تھے اور کہتے تھے کہ کسی ایک زبان کو اختیار کرو کیوں کہ
یکتا یکتا ہوتا ہے۔

الغرض مولوی عبدالواجد صاحب کے انتقال کے بعد یہ ذخیرہ میرے حوالہ ہوا۔
میرے پاس بھی تقریباً ۱۴ - ۱۵ برس پڑا رہا۔ اضلاع کے قیام اور عدالتی کام کے انہماک کی وجہ
سے مجھے اس کی طرف توجہ کرنے کا موقع نہیں ملا۔ سچ پوچھئے تو "کل امر مرہون باوقاتہ"۔ چند دن
پہلے جب میں اپنے پاس کے قلمی مسودات کو دیکھ رہا تھا تو یہ مجموعۂ پریشاں بھی میری نظر سے گزرا
اور مجھے خیال ہوا کہ "کیف ما اتفق" اس کو مرتب کرکے شائع کر دینا چاہیئے۔ تاکہ حضرت عشق کی
یادگار باقی رہے اور شعرائے دکن کے تذکرہ پڑھنے والے کو اگر ان کے کلام کے دیکھنے کا خیال
ہو اور وہ اس کی نسبت بطور خود آزادانہ کوئی رائے قائم کرنا چاہے تو کچھ نہ کچھ مواد مل سکے۔
تذکروں میں جو معدودے چند انتخابی اشعار لکھے جاتے ہیں۔ وہ درحقیقت تذکرہ نویس کے
ذوقِ انتخاب کے رہین منت ہوتے ہیں اور ہر شخص اپنے مذاق کے مطابق کلام کا انتخاب کرتا ہے

اتفاق سے ان دنوں حیدرآباد میں اچھے اچھے سخن گو اور سخندان اصحاب جمع ہوگئے تھے۔

مثلاً منشی حبیب اللہ ذکاؔ۔ امیر اللہ صاحب امیرؔ سالکؔ وغیرہم۔ اس مجمع اہل کمال میں ہمیشہ شعر و سخن کے چرچے رہتے اور مشاعرہ کی مجلس گرم ہوتیں۔ حضرت عشقؔ اکثر ان مشاعروں میں شریک ہوتے تھے یہ دیوان زیادہ تر اسی زمانہ کی غزلیات پر مشتمل ہے ان کے زمانۂ جوانی کا کلام ضائع ہوگیا۔ اگر ان کے تمام افکار کو جمع کیا جاتا تو کئی ضخیم دیوان ہوتے ان کی پُرگوئی مشہور تھی جب شعر کہنے پر آتے تو سیکڑوں شعر کہتے چلے جاتے تھے۔ والد مرحوم اپنے ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں کہ وہ اس قدر جلد جلد شعر فرماتے تھے کہ ہم لوگ اُن کے اشعار کو قلم بند نہیں کر سکتے تھے۔ اس کی تصدیق گلزار اعظم سے بھی ہوتی ہے۔ جس میں لکھا ہے

"غزل و قصیدہ بکمال سرعت می نگارد"

اس دیوان میں جو غزلیات ہیں ان سے بھی ان کی پُرگوئی اور روانی طبع کا کافی پتہ چلتا ہے چنانچہ ایک ہی بحر و ردیف میں آٹھ آٹھ دس دس غزلیں ملتی ہیں۔ افسوس ہے کہ ان کا کوئی قصیدہ ہمدست نہیں ہوا۔ قصیدہ کے میدان میں ان کے زور طبیعت کا اور زیادہ اندازہ ہوسکتا تھا اپنی پُرگوئی اور زود فکری کی وجہ سے وہ اپنے ہمعصروں میں خاص امتیاز رکھتے تھے اور اکثر امتحانی مواقع پر اپنی اس خداداد قابلیت کی وجہ سے کامیاب رہے اور اپنے ساتھیوں پر گوئے سبقت لے گئے ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔

باد آں زماں کہ عشقؔ بمیدان امتحان

از ہر کہ بود گوئے سخن ما ربودہ ایم

مولوی عبد الواجد صاحب فرزند مولوی عبد العلی صاحب والہؔ کو اپنے بزرگوں کے آثار جمع کرنے کا بہت شوق تھا۔ صاحب دیوان ان کے نانا ہوتے تھے اور ان سے تلمذ بھی تھا۔ ان کو ان کے کلام کے جمع کرنے کا خیال ہوا۔ لیکن حضرت عشقؔ کے پاس سوائے چند مسودہ غزلیات کے

سخن عشق بود سر مگو
کہ زباں برہنہ گو نیست مرا

خوں کردہ ام بسینہ دل و در دہاں زباں ۔ زیں گونہ عشق ہیں کہ چہ رنگیں بیاں کنم
گردم ہلاک فہم رسائے معاصراں ۔ دانستہ خویش را نہ اگر بیزباں کنم

ایک اور شعر میں اور زیادہ صاف طریقہ پر اس مضمون کو یوں ادا کرتے ہیں۔

مستمع سرگشتہ ہر وادئے چوں قیس باش
لیلئ گفتار ما را چند محمل کردہ اند

یعنی ہماری بات کو سمجھنے کے لئے سننے والے کو چاہئے کہ وہ قیس عامری کی طرح مختلف وادیوں میں (مضمون و معنی کی) سرگردانی کرے۔ کیوں کہ ہماری لیلائے گفتار کے کئی ایک محمل ہیں۔ جب تک ان سب میں تلاش و جستجو نہ کرلی جائے وہ نظر نہیں آسکتی اس شعر میں معنی آفرینی اور دقت پسندی کو نہایت لطیف تمثیل میں ظاہر کیا ہے۔ محمل کا لفظ بہت پر لطف واقع ہوا ہے کہ کلام کے محمل کی جانب بھی ایہام ہوتا ہے۔ بعض وقت ایک کلام کے کئی محمل ہوتے ہیں۔ جب تک سامع کی نظر ان تمام محملوں پر نہ رہے وہ اس کی وسعت و عمومیت کو کماحقہٗ نہیں سمجھ سکتا۔

حضرت عشق کی وفات ۵ ربیع الاول سنہ ۱۳۰۲ھ میں ۶۴ برس کی عمر میں ہوئی۔ اور قبرستان گلباغ واقع محلہ ترپ بازار بلدۂ حیدرآباد میں تدفین عمل میں آئی۔ حضرت عشق کی پہلی بیوی خواجہ غلام حیدر ولد خواجہ مقصود علی خاں کی بیٹی اور سید عبدالقادر شہیر ولد سید نظام الدین بیجاپوری میر منشی و کاتب والاجاہ کی نواسی تھیں۔ خواجہ مقصود علی خاں ونگٹ گیری کے قلعہ دار تھے اور ٹیپو سلطان کے ہنگامہ میں شہید ہوئے۔ پہلی بیوی کے بطن سے مولوی عبدالحی صاحب وصف۔ ملا عبدالقیوم مرحوم احقر کے والد اور عبدالغنی صاحب اور دو لڑکیاں ہوئیں اور دوسری بیوی سے عبدالسلام صاحب اور ایک لڑکی ہوئی جن میں سے اب کوئی بقید حیات نہیں ہیں۔

جس سے کوئی صحیح اور مستقل رائے کسی شخص کے کلام کی نسبت نہیں قائم کیجا سکتی۔
غالباً طبیعت کی بے پروائی نے خود حضرت کو کبھی اپنے کلام کے جمع کرنے کی جانب متوجہ نہیں ہونے دیا اور اس بے پروائی اور بے توجہی کا نتیجہ تھا کہ اکثر کلام منتشر اور ضائع ہو گیا چنانچہ خود ایک جگہ کہتے ہیں۔

ما قدر دان جاں بنود کس چو من کہ من
جنس گراں بہائے سخن را ئیگاں کنم

مدراس کے شعرا میں دو مکتب خیال کے شعرا تھے ایک تو وہ جو خیال بندوں کے پیرو اور دقت پسندی اور خیال آفرینی کو منتہائے کمال سمجھتے تھے۔ اور دوسرے وہ جو معنوی خوبیوں کے ساتھ زبان اور لطفِ بیان اور صفائی گوئی کو ضروری خیال کرتے تھے۔ رونق اور مہدی واصف موخرالذکر گروہ کے ہمخیال تھے اور چونکہ حضرت عشق کی تعلیم و تربیت زیادہ تر اپنے والد کے سایۂ عاطفت میں ہوئی تھی اس لئے ان کے کلام میں زبان اور محاورہ کی چاشنی زیادہ ہے اور کلام میں پرگوئی کی وجہ سے صفائی اور روانی کا دریا موجیں مارتا ہوا نظر آتا ہے۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں۔

عشق است دکون گاہ گہے نالۂ سردے
کو لطفِ بیانش چہ شد آں طبع رسانش

باوجود اس کے وہ متاخرین کے خیال بندانہ طرز سخن گوئی سے نہ بچ سکے اس دیوان میں بہت سے ایسے اشعار ملتے ہیں جو باوجود سادگی اور صفائی بیان کے مضمون و معنی کے لحاظ سے دقت پسندی اور خیال آفرینی کا اچھا خاصہ نمونہ ہیں۔ چنانچہ اس کی جانب وہ خود اپنے ان اشعار میں اشارہ فرماتے ہیں۔

ز عجز فہم چہ اعجاز ہاست یاراں را — کہ بستہ اند لب سحر آفرین مرا
اگرچہ آب بود از صفائے گوہر خویش — ز نقش سنگ بداں شعر رنگین مرا

اس شعر کے مصرع ثانی نے شعر میں ایک خاص شان اور کیفیت پیدا کر دی ہے
کہتے ہیں کہ راہِ وفا کو میں نے اس طرح طے کیا ہے کہ جگر میرے دہنے بازو کو اور دل
بائیں بازو کو تھامے ہوئے تھا۔ شعرا کے پاس تمام مصائب دل و جگر پر وارد ہوتے ہیں اور
انہی کی مدد اور طاقتِ برداشت پر راہِ محبت کا طے کرنا موقوف رہتا ہے شاعرانہ تخیل نے
ان کو دو اشخاص مددگار و معاون کی حیثیت دیدی جو دہنے اور بائیں شاعر کو تھامے ہوئے
اس سے راہِ محبت طے کرا رہے ہیں اس میں لطف یہ ہے کہ جسمِ انسانی میں دل اور جگر کے
مقام کے لحاظ سے یمین و یسار کے الفاظ بہت موزوں واقع ہوئے ہیں۔ یہ شعر حسنِ تخیل کا اعلیٰ
نمونہ ہے۔

وفورِ گریہ

مدہ آتش چو فرسِ کردہ ام ہمی سیم کہ تا راز رگ ابر ست آستین مرا

توصیف

نگر بزلف و رخ و قد و آں تنِ نازک بہار سنبل و گل و سرو و یاسمین مرا

جدائی

بعد از نیم مکن از خویشتن اے یار جدا بودہ آہ جدا از من و لبیار جدا

اظہارِ اشتیاق

پردہ بردار و بیا حرف نیرن میکنندم شوق و بدار جدا حسرتِ گفتار جدا

ان دونوں اشعار کا تغزل اور لطفِ زبان بطورِ خاص قابلِ ملاحظہ ہے۔

توحید و تصوف

اے مہر رخت مطلعِ انوارِ یقین ہا وے سلسلہ زلف تو شیرازہ دیں ہا
اے آئینۂ سجدۂ شوق تو جبیں ہا وے دیدۂ مردم برہت خاک نشیں ہا

حُلیہ ولباس

حضرت کا حلیہ حضرت کے بیسہ مولوی عبد الرب صاحب مدظلہٗ سے اس طرح منقول ہے:۔
رنگ سُرخ و سپید۔ ہونٹ پتلے۔ پیشانی بلند و بالا، ناک ستوان۔ قد متوسط سے کسی قدر نکلتا ہوا کاسۂ سر ضخیم نحیف الجثہ۔ گرد داڑھی۔ شاہا پہنتے اور عمامہ باندھتے تھے۔ حضرت کے پایانِ عمر کے حالات کے متعلق اثنائے طبع دیوان میں مولوی عبد الربّ صاحب مدظلہٗ نے میری استدعا پر جو تحریر روانہ کی تھی۔ اس سے ان کی خانگی زندگی اور اخلاق و عادات پر کافی روشنی پڑتی ہے اس لئے اس کا ضروری اقتباس بجنسہ علیحدہ درج کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ مختلف تذکروں میں جو کچھ حالات اور اشعار ملے وہ بھی نقل کر دئے گئے ہیں۔ اس کے بعد ہم ان کے چند انتخابی اشعار کو جو ترتیب دیوان کے وقت نظر سے گذرے درج کرتے ہیں ان میں سے بعض اشعار کی بر موقع ضروری تشریح بھی کر دی جائے گی۔ اور محاسن اشعار کی جانب بھی کہیں کہیں اشارات کر دئے جائیں گے۔

منتخب اشعار

صبر

زگردِ کلفتِ غم نبست چیں جبیں مرا — کہ کرد شید بر و صبر آ ستین مرا

شوق

بغیر سجدۂ شوقت ازاں نریزد ہیچ — ہزار بار فشانند اگر جبین مرا

عاشقانہ

زدست رفتہ دل پارہ پارہ ام بنگر — بحلقہ حلقۂ زلفت نگین نگین مرا
چہ گویمت کہ براہ وفا جساں رستم — دلم گرفتہ بسیار و جگر بمیس مرا

عاشقانہ

بنگر لطافت از روش جانِ من بتاب را تبدیل دل سوزے کہ رندیں میکند محراب را
پیشِ بصیرت سربسر فرق نگاہ و آہ نیست تا دیدۂ مشتاق کردی ہر دلِ بیتاب را

نیا مضمون اور نئی تشبیہ ہے نگاہ کا تعلق آنکھ سے اور آہ کا دل سے ہے چونکہ دلِ بیتاب دیدۂ مشتاق بن گیا ہے اس لئے کہتے ہیں آنکھوں میں نگاہیں نہیں ہیں بلکہ دلِ بیتاب کی آہیں ہیں۔ اس طرح درحقیقت نگاہ و آہ میں کوئی فرق نہیں رہا۔

عاشقانہ

گہ موجِ دریا گشتہ ام ماندم گہے گرداب را بسیار کردم جستجو آں گوہرِ نایاب را
سیرم نسازد تر نہ سوز دہاں لب تشنگی کز لعلِ جاں بخشِ کسے خواہم کشیدن آب را
گر صد ملامت می کنی اثر نا شکایت نشنوی بر سازِ بے آواز مالے جاں مزن مضراب را
عقلِ سبک سر عاقبت عاجز بشد در جوشِ عشق آرے خسے گیرد عناں چوں تند رو سیلاب را

مذکورۃ الصدر تمام اشعار لطیف و نازک تشبیہ سے مملو ہیں۔ عام طور پر اُن کے ہاں تشبیہ و استعارہ کا استعمال کثرت سے ہوا ہے۔

تصوّف

در ضمیرم ہیچ جز او نیست مرا نفسے نیست کہ ہُو نیست مرا

عاشقانہ

پائے آں سروِ رواں چوں بوسم لب بکامِ لبِ جو نیست مرا

اخلاق

قدرتم نیست ز شکرت اے دوست کہ شکایت ز عدو نیست مرا

عاشقانہ

منوّر می کند خورشید رویش چشمِ دیدن را حدیثِ او نماید پُر گہر گوشِ شنیدن را

عاشقانہ

اے شادیِ عشاق کجائی خبرت نیست — در گریہ زار اند ز دردِ تو حزیں ہا

مثلِ تو ز خوباں نشنیدیم و ندیدیم — بسیار بدیدیم و شنیدیم ازیں ہا

حسن است کہ کارِ نگہ از گوش بگیرد — سرگشتہ بہر سوئے ز تو گوشہ نشیں ہا

یہ پوری غزل مرصع لکھی ہے۔ آخری شعر میں ایک نیا مضمون باندھا ہے۔

کہتے ہیں کہ حسن کے کرشمے ایسے ہیں کہ "نگاہ" کا کام "گوش" سے لیا جاتا ہے اگرچہ وہ کسی کو نظر نہیں آیا لیکن اس کے اوصاف کو سن کر بہت سے گوشہ نشین سرگشتہ اور دیوانہ ہو گئے۔ جو بات دیکھ کر پیدا ہونی چاہیے تھی وہ محض سن کر پیدا ہو گئی "گوش" اور "گوشہ" میں صنعتِ تجنیس بھی ہے۔ گوشہ نشیں سے زاہدانِ خلوت نشین کی طرف اشارہ ہے شعر میں بہ نسبت مجاز کے حقیقت کا پہلو غالب ہے۔

عاشقانہ

دادم دلِ صد چاک را بے بہرہ ادراک را — آں نرگسِ بے باک را آں غمزۂ سفاک را

درہا شادیِ جاں بیں بنگر مرا در پیرہن — دارد بدستِ خویشتن زاں صبح ہم یک چاک را

مطلب یہ ہے کہ میرے چاک ہائے گریباں میں خوشی و شادمانی کا سامان پوشیدہ ہے گویا فرحت و مسرت کے دروازے ہیں۔ چنانچہ صبح نے بھی ایسے ہی ایک چاک کو حاصل کر کے مسرت و انبساط کا سامان فراہم کیا ہے پو پھٹنے کو شعراء چاکِ گریباں سے تشبیہ دیتے ہیں۔ اور قاعدہ ہے کہ شبِ ہجراں کے مصائب کا خاتمہ صبح نمودار ہونے پر ہوتا ہے۔

عاشقانہ

نازم خدنگِ شوخ سوارِ سمند را — کز سینہ دور کرد دلِ دردمند را

تا کامیابِ چشم ز برقِ جمالِ اوست — سوزِ سپند آتشک علاجِ گزند را

کہ یکایک برقِ تجلّی چمکتی اور تاریکی نور سے اور تکلیف و مصیبت راحت و سرور سے بدل جاتی ہے۔

عاشقانہ

تغافل بندہا بیقراری ہائے من تا کے — گریزاں صبر تا گردد رہِ جور و جفا بکشا

اخلاق و تصوف

نگاہِ رحمت او چارۂ دردِ دلم داند — تبسّم صبح را گفتش چہ حاجت غنچہ ہا بکشا

عاشقانہ

شرمندۂ نیاز کنم نازِ یار را — تا بر شکستے کند منِ زار و نزار را

بے ثباتیِ دُنیا

دانم بسایہ پایۂ ایں زندگی نبود — ایں سقف بے ستوں نہ سزد اعتبار را

عاشقانہ

در سوزِ عشق بسکہ نبود زندگیِ دل — ز آتش جدا مساز دمے ایں شرار را

زلف در پیش نگر و دل ز مذاہب بردار — کافرِ زلف بشو جز رخش ایماں مطلب

زلف کو مذاہب سے اور رخسار کو ایماں سے تشبیہ دی ہے۔ زلف کا لازمہ پریشانی ہے اسی طرح مذاہب کی کثرت اور فرقہ بندیاں انسان کے یقین کو متزلزل کر دیتی ہیں۔ اس لئے شاعر اس مایۂ پریشانی (افتراق) کو چھوڑ کر حصول ایمان کی جانب متوجہ ہونے کا مشورہ دیتا ہے۔ اس وسیع مضمون کو "کافر زلف بشو" اور "جز رخش ایماں مطلب" جیسے مختصر جملوں میں ادا کیا ہے۔

عاشقانہ

در میاں نیست کنوں چوں سخنِ بوس و کنار — دل مخواہ از منِ ناکام و دگر جاں مطلب

من بہ دست دیا تا کسے نیابم ہم گل چاکے — جنوں دستے عطا کن جیب و دامانم دریدن را

دل افگار محوِ خار خارِ او ہمی باشد — چہ لذت می دہد شوخی مژگانش خلیدن را

حجابِ جلوۂ جاناں ز من آسودہ چشمانست — دو چشمم خود تصور کردہ ام دیدن نہ دیدن را

ز بس فریاد ہر دم از دلِ بے مدعا دارم — چہ رنج از من شنیدن را چہ زحمت نا شنیدن را

اسیر او نیفتد ہیچ گہ در بندِ آزادی — کہ دارد در گرہ ہر حلقۂ دامش رہیدن را

توانم عشق پر کردن کنون دامانِ صد حسرت
کہ خرمن کردہ ام رس باغ گلہائے نچیدن را

خیال بلند انہ شعر ہے۔ ایک سلبی مضمون کو اثباتی حیثیت سے پیش کیا ہے ۔

عاشقانہ

برخ کسے ندید مہ و آفتاب را — بردار اے نگار ز روئیت نقاب را

مست نظارۂ تو مئے نور می کشد — خوش طالعے کہ کرد قدح آفتاب را

بالکل نئی تشبیہ ہے ۔ فرماتے ہیں کہ تجھ کو نظارہ کرنے والا گویا شراب نور پی کر مست ہو گیا ہے وہ اس خوش نصیب شخص کی مانند ہے جس نے آفتاب کو قدح بنا لیا ہو۔ آفتاب کو پیالہ سے تشبیہ دیجاتی ہے معشوق کا چہرہ بھی مثل آفتاب ہوتا ہے اس کا نظارہ کرنا گویا آفتاب کو قدح بنانا اور شراب نور پینا ہے۔ تشبیہ در تشبیہ نے اس شعر میں خاص لطف پیدا کر دیا ہے ۔

تصوّف

ز رازِ نورِ تو بینم چو شد بیکار چشمِ من — ز پیشِ روئے من ایں پردہ ہا ماسوائے بکشا

ز سوداتِ جہاں شد تار بر مردم سر گردم — بکن یک جلوۂ شوخی و تختِ دیدہ را بکشا

اس شعر کو الفاظ مناسب کے اجتماع نے اعلیٰ مراتبِ بلاغت پر پہنچا دیا ہے مضمون کے لحاظ سے بھی شعر نوادر افکار میں شمار کرنے کے قابل ہے ۔ اس میں قدرت کی اس فیاضی کی طرف اشارہ ہے جس کی طلب میں بعض اوقات سارا جہان انسان پر تیرہ و تار ہو جاتا ہے

بجائے خود یہ گمان کر لیتا ہے کہ وہ آزاد ہے حالانکہ واقعہ ایسا نہیں ہے پرندہ کے پاؤں میں جب لامبی ڈوری باندھی جاتی ہے تو وہ خیال کرنے لگتا ہے کہ آزاد ہے اور اڑنے کی کوشش کرتا ہے۔ لیکن اس کو بہت جلد معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ بدستور گرفتار ہے یہی حالت دل کی بھی ہے۔

عاشقانہ

رو پوش مشو یار کہ در خواب و بحالت — صد بار رسیدیم و ترا ہیچ خبر نیست

بیچارہ من و چشم ترحم چہ تواں کرد — بستند مرا بر تو جو مردم چہ تواں کرد

از گریہ مرا چارہ نباشد بفراقت — بے مہر بود جلوۂ انجم چہ تواں کرد

اس شعر میں اشکوں کو انجم سے اور معشوق کو آفتاب سے تشبیہ دی ہے جس طرح آفتاب جھپ جاتا ہے تو تارے نکل آتے ہیں۔ اسی طرح تیرے فراق میں بلا قصد و ارادہ میرے آنسو بہنے لگتے ہیں۔

عاشقانہ

صد خواہش دل تا بلبم آمد و برگشت — نے صبر و نہ یارائے تکلم چہ تواں کرد

بیزار ز انصاف جو شد یار ستمگار — خاموش نشینیم تظلم چہ تواں کرد

جور است و جفا شیوۂ خوباں دل آزار — بالطبع چنیں اند تحکم چہ تواں کرد

آمد کہ برد دل ز ادب ہیچ نہ گفتم — دستے کہ بدل داشتمش مہر دہن شد

نہایت لطیف پیرایۂ بیان ہے مضمون یہ ہے کہ وہ جب دل لینے کے لئے آیا تو میں بوجہ ادب کچھ کہہ نہ سکا جو ہاتھ دل کو تھامے ہوئے تھا۔ اس نے میرے منہ کو بند کر دیا۔ اضطرار اور مجبوری کی کیفیت کو اس سے بہتر طریقہ پر نہیں بیان کیا جا سکتا

با شد بدلم آنچہ مرا در زبان است — در شکل زبان لخت دل من بدہن شد

زبان اور دل کی موافقت کی یہ ایک بہترین تمثیل ہے

عاشقانہ

نہ بیتابی بدل دارم نہ برلب شیون امشب — کہ زلف در ہمش اندوہ من برہم زن امشب
کجا گنجد ز بیداری بدامان سحر آخر — گل عیش و سرور من کہ خرمن خرمن امشب

گرفت از من کنار آں بحر خوبی تشنہ می بودم — مقرر بود گوئی از پئے بوس و کنار امشب
چہ خوش خوابیکہ بخت من بہ بیداری ہمی بیند — کہ صیاد دلِ عالم مرا یا شد شکار امشب

اخلاق

کن دور گرد حرص چو باشی صفا طلب — گر می کشی چراغ دل خود ہوا طلب

بہت اچھی تشبیہہ و تمثیل ہے۔ فرماتے ہیں اگر دل کی صفائی حاصل کرنی ہو تو حرص کے گرد و غبار کو دور کر دو اور اگر یہ مقصود نہیں ہے بلکہ اپنے دل کے چراغ کو بجھا دینا ہی چاہتے ہو تو حرص و ہوا کی پیروی کرو اس کے باعث چراغ دل خود بخود بجھ جائے گا ہوا کا لفظ ذو معنی استعمال کیا ہے ہوا کا چراغ کو بجھا دینا بدیہی الثبوت ہے۔

اظہار مصیبت

بر سر فتاد بار بلا استخوان شکن — زنہار شرحِ آں زمنِ مبتلا طلب

تصوف

دنیا و آخرت طلب عام مردم است — بیگانہ شو ز خلق و مراد سے جدا طلب

عاشقانہ

عہد ہائے تو یاد باد ترا — آنچہ تو گفتہ مرا یاد است
بندِ زلفش دراز دیدہ و بخود — دل گماں می برد کہ آزاد است

یہ دونوں شعر سہل ممتنع ہیں۔ موخر الذکر شعر میں ایک وسیع مضمون کو چند مختصر الفاظ میں ظاہر کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ دل نے اس کی زلف کی بند ہنوں کو دراز دیکھکر

سر موئے ز پیچ و تاب لفا دنفہمد دل — بیاں چنداں پریشاں شد کہ مطلب از میاں گم شد

مطلب یہ ہے کہ دل سے اس کی زلف کے پیچ و تاب کی تشریح کرنی چاہی لیکن اس کا بیان اس قدر پریشان ہوگیا کہ مطلب ہی درمیان سے گم ہوگیا۔ اس شعر کو حقیقت اور ظاہر دونوں پر محمول کیا جا سکتا ہے

بساں شمع روشن جانِ من باشد زبانِ من — زبانِ من اگر گم شد یقیں دانید جاں گم شد

زمن باقی ہمیں بود کہ مشکش را بسنجو کردم — کفِ خاکِ بریشاں گشت و مشتِ استخواں گم شد

بسر سنگِ ملامت از سبک مغزاں ہمی باشد — تحمل بود گر ما را دریں بارِ گراں گم شد

یعنے کم سمجھ لوگ موقع و محل کو نہیں دیکھتے۔ ملامت شروع کر دیتے ہیں ایسے وقت بردبار سے بردبار اشخاص بھی اپنے تحمل کو ہاتھ سے کھو بیٹھتے ہیں یہ غزل نظیری کی مشہور غزل پر لکھی ہے۔ اس میں ایسے اشعار کا نکالنا ایک پختہ مشق اور لطیف الطبع شاعر ہی کا کام ہے۔

مرا دل غیرتِ پروانہ دادند — ز سوز او ترا پروانہ دادند

ودائے درد من غربت شد آخر — کہ زحمت بیش ازیں بخانہ دادند

شد کوتاہ و عمر آمد بپایاں — بیا دو ما عجب افسانہ دادند

بحثِ حسن آب و دانہ دادند — فریبت اے دلِ فرزانہ دادند

چہ می پرسی ز حالِ عاشقانش — دل و جاں در رہِ عشق مردانہ دادند

دلم کشتیِ بحرِ آشنائی — کہ سکاں در کفِ بیگانہ دادند

ز حق مہر بتاں خواہم کہ از دل — مرا ہم کعبہ ہم بت خانہ دادند

قرعۂ فالِ من کنوں وہ چہ فلک بکام زد — ناز مکن بیا بگو یا کہ شدی قسم نام زد

شکر گزار سامعاں چوں شود سہرہ زباں — حرفِ خامشی لبت با ہمہ لا کلام زد

مہر سپہر بے ثبات آئینہ دار آفتاب — صبح اگر نواختہ در بر ما کہ شعلہ زد

عاشقانہ

می توان آسان رفو کردن دلِ صد چاک را   زان نگہ کز رشتہ و سوزن زمژگاں میرسد

نہایت بدیع تشبیہ ہے اور پھر معنًا واقعہ کے مطابق بھی ہے۔

تصوف و اخلاق

کشتیٔ امید را صد رخنہ ہم ہست و باز   بر کنارِ عفو تو از بحرِ عصیاں می رسد

کہتے ہیں کہ امید کی کشتی میں اگرچہ خوف سے کئی رخنہ پڑ گئے ہیں لیکن گناہوں کا دریا اس کو عفو کے کنارے پہنچا ہی دیتا ہے۔

عاشقانہ

گرمیٔ ہنگامۂ پروانہ یک سر سوختند   تا نگاہِ شوق ما را شمعِ محفل کردہ اند

سالکاں را مایۂ آرام شد سرگشتگی (تصوف)   جادۂ دشتِ طلب گوئی کہ منزل کردہ اند

عاشقانہ

با نالۂ جاں سوز بگوشش گزر افتاد   چوں شمع مرا شعلہ رفیقِ سفر افتاد

در بزم چو بر جامِ شہ انجم نظر افتاد   چشمِ تو بیاد آمد و ہوشم ز سر افتاد

عشقت ہمہ پیر و جواں را بسر افتاد   ایں آتشِ تیز است کہ در خشک و تر افتاد

از گریۂ و زاریٔ شب روز چہ حاصل   در عشق کسے کار چو با زور و زر افتاد

بر نامدہ یک آہ ز رویش زاں لبِ شیریں   شوریدہ دلِ من بامیدِ دگر افتاد

حیرانِ جمالِ تو بماند کہ دراں لطف   دل از نظرش یا کہ نظر بے خبر افتاد

نالاں بنا امیدی در ہجرِ او چہ باشم   زیں گونہ مصیبت چوں جاں نہ زاد باشد

از صبر از اے آہ ہر چند چارہ جستم   دردِ دلے کہ دارم در اشتداد باشد

ناصح مدار لب ہا تا زندہ تر بسوزم   بر آتشِ درونم حرفِ تو باد باشد

کہتے ہیں کہ ہجر میں جو کچھ مجھ پر گزری اس کو کیونکر بیان کر سکتا ہوں جب کہ مجھے ایک لحظہ بھی اس کی فرصت نہیں ملی کہ میں اپنی حالت پر غور کرتا اور اس کو سمجھ سکتا۔ اس وسیع مضمون کو "بدیم خویش" دو مختصر لفظوں میں ادا کیا ہے۔

عین الیقین ز روئے تو مارا نصیب نیست — تا کے بسر بریم با مید و بیم خویش

اس شعر میں مجاز سے زیادہ حقیقت کا پہلو غالب ہے۔ کہتے ہیں۔ تو نے اپنے رُخ تاباں کا جلوہ دکھا کر ہم کو عین الیقین کے رتبہ پر ابھی تک نہیں پہنچایا ہے آخر کب تک ہم اس امید و بیم کی حالت میں بسر کریں۔ ایمان خوف و رجا کی درمیانی حالت کا نام ہے۔ لیکن سالک اس حالت پر قانع اور اس مقام پر ٹھیرے رہنا نہیں چاہتا بلکہ عین الیقین کے درجہ پر پہنچنا اور "لو کشف الغطاء لما ازددت یقینا" کی کیفیت حاصل کرنے کے لئے بے چین رہتا ہے۔

اے عشق دیدہ کہ جہانی نمودہ ام
حیران تندرستی فکر سقیم خویش

شب زلفش کہ ہر دم با دو چشم جلوہ اندر دلکشش — سر خورشید حسن آمد فرو در ظل ممدودش
لب لعلش کہ خط سبز دارد مشک آلودش — نہاں دریں آتش خاموش عالم سوز گرد دودش
بدل گرد غم دوران بلائے بود لے ساقی — ز لطف تو مئے روشن ازیں آئینہ بزدودش
رخش در سادگی سوز دل و جان امیدایم — چہ خواہد کرد ایں آتش نمایاں چون شد دودش

تاثیر گرم آہ سحر آزمودہ ایم — تا پردہ را ز آفتاب رخ او کشودہ ایم
داریم چشم عفو خطائے جو رفتہ است — با خود نبودہ ایم اگر با تو بودہ ایم

نازم بضعف خویش کہ اندر ہوائے عشق — پرواز ہا بسوئے تو بے بال و پر کنم
تا کے در آرزوئے تو یک دم نظر کنم — بگذار تا بروئے تو یک دم نظر کنم
از سوز دل چو قصہ شوق تو سر کنم — در خامہ جائے حرف شرار سر کنم

پیکِ صبا چو آہ سرد از تو حکایتے کرد — آتش ما ز درد دلم آہ ازیں پیام برد

اے کہ با من نامزد گشتی بعالم ہوشدار — تا نگردی در جہاں بد نام و رسوائے دگر

چوں نشود انجام کار عشق یار سنگدل — من یکے بے صبر و دل ہم ناشکیبائے دگر

گل بجائے خار و بلبل زار باشد در چمن — رفت او بہر تماشا شد تماشائے دگر

راہِ او مشکل گزار و من ہمیں سرگرم ترق — یا نہادم رفت طاقت چوں نہم پائے دگر

یارب ترحمے بدلِ سخت یار بخش — یا صبر وافرے بمن بیقرار بخش

دردی غصہ۔ صاف طرب ہر چہ میدہی — ساقی ز دستِ تست مرا خوشگوار بخش

یہ اشعار بلحاظ سلاست اور لطف زبان کے خاص طور پر قابل ملاحظہ ہیں

از پائے فگندست مرا شوق رفاقت — بے سایہ خدایا نشود سرو روانش

معراج من بس شدہ اے چرخ ہمیں بست — رفتم اگر از پائے بیفتم بزبانش

نہایت بلیغ شعر کہا ہے۔ شاعر آسمان کو خطاب کرکے کہتا ہے کہ میرے لئے یہی معراج کافی ہے کہ میں اس کی محبت کی راہ میں اس طرح لڑکھڑا کر گروں کہ میرا ذکر اس کی زبان پر آجائے۔

چرخ کا لفظ اور از پا افتادن اور بر زبان افتادن کا تقابل اور اس سے معراج کے مضمون کا استنباط نزاکت خیال اور بلاغت کی اعلیٰ مثال ہے۔

زخمم چو کند شکوۂ لب تشنگی از تو — از تیر دگر باز بدوزان بست دہانش

یہ شعر بھی تغزل کا بہترین نمونہ ہے کہتے ہیں کہ اگر میرا زخم تجھ سے لب تشنگی کی شکایت کرے تو اس کا علاج بہت آسان ہے۔ ایک تیر اور لگا کر اس کا منہ بند کر دے

شاعر نے مشق و ستم میں معشوق کی کوتاہ دستی اور اپنے حریص لذت آزار ہونے کو نہایت لطیف پیرایہ میں ظاہر کیا ہے۔

آخر چہ گویمت کہ چہ برمن رود بہ ہجر — ہرگز نگفتہ ام چہ دمے ہم ندیم خویش

امیدِ استوارِ من و عہد سست او — رخور گذاشتند سراسر مدارِ من

امیدواری

در عرض آرزو نکنم عشق کو تہی — باشد شنود قبول یکے از ہزارِ من

تاثیرِ شعر کی وجہ

آویزۂ گوشِ دل و جاں شعرِ ترِ من — کز بحرِ غمِ عشقِ تو خیزد گہرِ من

ثبات و استقلال

با ایں ہمہ وارفتگی از جائے نرفتم — گوئی کہ مقام ست بمنزل سفرِ من

محبت کی عالمگیری

مہر از دلِ او رفت و گرفت ست بعالم — از رشک در آئینہ بیامد شررِ من

ناکامی

از بیمِ نگاہے نکشادی گرہِ دل — بربستہ تشنہ آرزوئے ایں قدرِ من

تخیل

عمرے ست غم سر گرفت ست بخویشیا — باشد بگریبان خیالِ تو سرِ من

تاثیرِ عشق

عشقش چہ اثر دادہ زبان و سخنم را — آں شعلۂ من باشد و ایں شد شررِ من

بنگر کہ رخِ خوب تو دیدن نتوانم — چوں دست زیابم بفشاند نظرِ من

ہرگز نہ رسد با ہمہ جہد یکے کہ نمودم — بر پائے چو جسمِ تو رخ ہیچو زرِ من

دایم بہ تماشائے گلستان جمیل است — از داغِ جفائے تو دلِ دیدہ ورِ من

سرگشتۂ دورِ فلکِ شعبدہ بازم — آغاز ہے و انجام ندارد سفرِ من

ماسد چراغیکہ بسوزند ز آتش — شمعِ رہِ شوقِ تو بود چشمِ ترِ من

در منزلِ دیوانگی و دشتِ خودہم — جز من نبود ہیچ کسے راہبرِ من

حسن چون عشق چو در بندِ حیا می بینم
چشمِ جانان و لبِ خویش نه وا می بینم

چشم هر حلقه که در زلف رسا می بینم
در تماشای رخت رو بقفا می بینم

کس ندیدست و مبادا که به بیند گاهی
آنچه از دیدهٔ مشتاقِ شما می بینم

آسوده بگردم نه ز زنار نشینم
تا آنکه بخویش آیم و با یار نشینم

انگشت نما میکندم مشعلِ آهم
گر بر رهِ تو هم به شبِ تار نشینم

عیشِ دگران را بکنم ارچه منغص
هر جا که روم با دلِ افگار نشینم

گشتم غبارِ خاطرِ یوسف جمالِ خویش
گردی نیم که پیروی کاروان کنم

لطف و غضب بود گلِ رعنائے باغِ حسن
نظارهٔ بهارِ خوش این و آن کنم

گر چشمِ یار می کند امداد گردشی
ابدال تلافیِ ستمِ آسمان کنم

در گردِ راه منزلِ مقصود گم شدست
یارب چه فکرِ غارتِ این کاروان کنم

غیرت و رشک

از رشکِ نقشِ پای چو پر داغ شد دلم
چندان طپیم که راه ترا بی نشان کنم

عاشقانه

ایکه گفتی که منت روی بدیدن ندهم
گوش کن من بخود این حرف شنیدن ندهم

تا پریشان نشود بوی هواداریِ من
باد در کوچهٔ آن زلف وزیدن ندهم

گو بیالای بخونِ دلِ من پنجهٔ خویش
نیشِ آن دستِ نگارینش گزیدن ندهم

بر وعدهٔ تو بود چه دار و مدارِ من
کس را نماند هیچ دگر اعتبارِ من

از بهرِ من چنانکه تو هستی بکارِ خویش
من نیز هم برای تو باشم بکارِ من

با قربِ معنوی چه بود بعدِ ظاهری
از من کنار گیر و بیا در کنارِ من

عمریست گرچه مست بیهوش بوده‌ام
بشکست چشمِ او بنگاهی خمارِ من

چندان شکستم که برفتم ز خاطرش (ضعف ذاتی)
ضعفم گرفت عاقبتِ کار یارِ من

وہی کام میری آنکھوں کی خونفشانی میرے سینوں کے داغوں کے لئے کرتی ہے۔

تاثیرِ گریہ

نماید گریۂ ما نیز گر نیرنگ تاثیرے — گلِ صد کام در دامانِ حرماں میتواں کردں

پشیمانی

دلا زیں شکوۂ بیداد دستے با جفاگر زن — پشیماں گر شوی او را پشیماں میتواں کردں
راہ گرمِ ما بسوزد دلِ خود آں بتِ کافر — بلے ایں شعلہ را در سنگ پنہاں میتواں کردں

عاشقانہ

ہوائے آہ سردم دلِ بے نوا نشستہ — چہ خوش ست غنچہ کہ برہ صبا نشستہ
حریمِ رہ اوبے ہا بستر آنہ خموشی — گرہے بستہ دہان و نگوئے ما نشستہ
پئے دیدنم بیا زد و نگو کہ آفتاب ست — تو سوار شو کہ او ہم شود از جا نشستہ
بخشا ز بید بندش گرہے رکارِ ما تیر — کہ بکلفِ تو دلِ سنگ ہمہ در قفا نشستہ
شدہ طیب لہا نظرے بہ عشق حیراں — کہ بدرد بید واز اں لبِ جانفزا نشستہ "

تغزل کے لحاظ سے یہ غزل بہترین کہی جاسکتی ہے۔

عاشقانہ

تمام خواہش دل را بیک ادا کردی — چگونہ گویت کہ چہ بر جہان مبتلا کردی
دوائے عشق وصال و نہ بد تت پرہیز — تو بر بجر حشا تدی مرا خطا کردی
ہنوز کشتۂ بیدادِ خنجرِ نازم — تدارکے کہ نکمت کمی دیجا کردی
پر زورِ نا توانی کو آبِ ارغوانی — باز آ بدم یو ابی ساقی چہ مہربانی

بیزبانی

مقصود ما نہاتی انکار ما ہبانی — ما بیم و بیزبانی یا رسد خوش بیانی
من حسنِ ظن فزودم در خدمتِ تو کم کم — آخر یقین شدا ہم بسیار بدگمانی

جز اختر تابندۂ بختم کہ نماید یک رنگیٔ آئینۂ زشام و سحر من

از جزیۂ خاک رہِ الفت چہ بگویم پس تر نفشند ہر قدم بستر من

برگشتم آخر شکند نخوت و نازش در دست شکست ست ہما تا ظفر من

بہ سجدہ بود عشق رہِ قطع تعلق کو را ہنرے تا بنمود راہبر من

گرہ با زلفِ او چوں رشتۂ جاں میتواں کردن بدل جمعی خیالاتِ پریشاں میتواں کردن

مطلب یہ ہے کہ اس کی زلف سے وہی تعلق ہے جو جسم کو جان کے ساتھ ہے اگرچہ یہ تکلیف و پریشانی سے خالی نہیں لیکن انسان کی فطرت ہی ایسی واقع ہوئی ہے کہ وہ دلجمعی کی حالت میں بھی پریشاں خیالی سے باز نہیں رہتا۔ اور اس کو چین سے بیٹھنے میں مزا نہیں آتا۔

جنوں بندِ نقابِ یار خنداں میتواں کردن چہ درہا از یک چاکِ گریباں میتواں کردن

یعنی بندِ نقابِ یار کی گرہ اگر کھل سکتی ہے تو دستِ جنوں ہی سے کھل سکتی ہے اور اس کو اس کے خنداں ہونے سے تعبیر کیا ہے۔ کیوں کہ مجنوں کو دیکھ کر ہنسی اڑائی جاتی ہے کہتے ہیں کہ ایک چاکِ گریباں سے جو دستِ جنوں کا رہینِ منت ہے۔ کیسے کیسے فتوحات حاصل ہوے۔ اور کتنے خوشی و مسرت کے دروازے کھل گئے ہیں۔

نظر زنجیرِ دل - در گوشۂ چشمِ تو زندانش ازیں بہ بے سر و پا را چہ ساماں میتواں کردن

دل جیسے بے سر و پا مجنوں و لا یعقل کے لئے اس سے بہتر اور ساماں کیا کیا جا سکتا ہے کہ تیری نظر کو اس کی زنجیر اور تیرے گوشۂ چشم کو اس کا قیدخانہ بنایا جائے۔

بباغِ سینۂ پُر داغ چشمِ خونفشاں ریزد شرر ہائے کہ از شبنم بہ بستاں میتواں کردن

تشبیہ کے لحاظ سے نہایت مدلع شعر کہا ہے۔ سینۂ پر داغ کو باغ سے آنکھ کی خونفشانی کو شبنم سے۔ اور شبنم کو شراروں سے تشبیہ دے کر یہ مضمون پیدا کیا ہے کہ جو کام شبنم کے شرارے باغ میں کرتے ہیں۔ یعنی رنگ رنگ کے پھول کھلاتے ہیں۔

سبھی ہیں بزم میں غش کس ادا سے جلتا ہے — ملے جو ہاتھ سے ساقی کے پاؤں ساغر کو

بروز حشر بہت گرم ہو رہے خورشید — کروں گا جا در سر اپنے دامن تر کو

تمہارے دیکھنے کا شوق ان کو یہ ہوا دیکھو — کہ جاں و دل ہمارے دونوں آنکھوں میں آ ٹھہرے

نہ جا سکنے ہیں یاں تھے واں کے نہ ان کو روک سکتے ہیں یاں — انہی کی مہربانی ہے جو ہم بیدست و پا ٹھہرے

دلِ خونیں ہمارا ابھی کرو پامال احیاں ہے — عبث تم دستگیر طائرِ رنگ حنا ٹھہرے

اسی خواہش میں اے گل دمِ عدم بجود تعیں میں تھے — کہ ہم بھی بھیجیں کچھ پیغام گر پیک صبا ٹھہرے

طریقِ عشق کے سب سالکوں میں نے دیکھا ہے — گئے رہ چل ابتدا ہی میں کچھ تو پھر لے انتہا ٹھہرے

چہرۂ تاباں کو اس کے مے سے روشن دیکھئے — آتش آتش کے لئے ہوتی ہے روغن دیکھئے

محتسب سے بڑھ کے میں ہوں نسر کے دشمن دیکھئے — طوق میرا ہاتھ اور مینا کی گردن دیکھئے

اخیر میں میں اپنے دوست مولوی عمر الیافعی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جن کے اہتمام اور نگرانی میں یہ دیوان طبع ہوا۔ بعض ضروری نوٹس بھی چند مقامات پر تحریر فرما کر صاحب موصوف نے مجھے ممنون فرمایا اور کاپیوں کی تصحیح میں بیش بہا مدد دی ہے۔ والسلام

محمد عبدالباسط

عثمان پورہ حیدرآباد دکن

۱۶ محرم الحرام ۱۳۵۹ھ

از گریہ خاک بر سرِ ایں آبرو کنی — خوش باشد آبِ تازہ رواں گر بجو کنی
مکشائے دیدہ جز بہ رخِ دوست زینہار — ایں چاک را بسوزنِ مژگاں رفو کنی

ذیل میں ان کے چند منتخب اردو اشعار بھی درج کئے جاتے ہیں تاکہ اردو میں ان کی طرزِ سخن گوئی اور طبیعت کی جولانی کا اور اس زمانہ کی زبان کا کسی قدر اندازہ ہو سکے۔

راہِ طلب میں گرم روی وہ کہاں ہے اب — مشتِ غبار یا یہیں کارواں ہے اب
دل جا چکا تو سوزشِ آہ و فغاں ہی — آتش تو بجھ گئی یہ نکلتا دھواں ہے اب

کیا فائدہ میری جستجو کا — کھویا میں گیا ہوں اس کو پا کر
محفل میں ذلیل ہم نہ ہوتے — دیتے نہ اُٹھا جو تم بٹھا کر
سنتا نہیں میری میں سنوں کیوں — جو جا ہے سو تو مجھے کہا کر

دوریٔ اہلِ نظر مانعِ نظارہ نہیں — آئینہ ہے کہ ترا محوِ تماشا میں ہوں
دل اگر سرد ہوا داغ کے مرجھانے سے — عشق کہتا ہے نہ رکھا غمِ چمن آرا میں ہوں
قابلِ دید ہے یہ جوشِ بہارِ تازہ — گل ہے سودا ترا اور بلبلِ گویا میں ہوں
توڑ کر عہد کبھی تم نہ پشیمان ہوئے — سر سے لے تا بقدم شرمِ تقاضا میں ہوں
کیا کہوں کس سے کہوں کون ہے شناسائے عشق — بزم میں ہوں بھی اگر جان کہ تنہا میں ہوں

کیا شوق بوسۂ لبِ ساقی ہے دیکھئے — کب مثلِ جام بادہ مرے لب پہ جاں نہیں
ظاہر ہوئی کشش نہ نمایاں ہوا ہے زخم — غمزہ نہیں ہے تیر و ابرو کماں نہیں
غم تیرا کیا بسا دلِ خانہ خراب میں — دل جسم میں نہیں ہے مرے دل میں جا نہیں
غم تیرا تیرے آنے سے دل سے نکل گیا — سچ کہتے ہیں کہ عیش و خوشی جاوداں نہیں
آرام کے خیال کا دل پر جو ہو گذر — کہتا ہے درد دور کہ خالی مکاں نہیں

ہوائے شوق میں اُڑتی ہے حسرتِ پرواز — جو قید ہوں میں قفس میں تو کیا کروں پر کو

اور گھر کی کئی چھوکریاں چھوکرے سب اسی وظیفہ میں پرورش پاتے تھے۔ بڑے دیگچہ میں موٹے چاول کا خشکہ دالچہ اور ایک ترکاری سالن پکتا تھا عرصہ تک کبھی نہیں پرورش پاتے تھے یا ہمیشہ دو تین مہمان رہتے تھے۔ پہلے کرایہ کے مکانوں میں رہتے تھے۔ آخری زمانہ میں موتی خانہ (سروں دروازہ چادر گھاٹ) کا مکان عبدالحی صاحب (فرزند اکبر) نے سات سو روپیہ میں کلالی سے خرید لیا تھا۔ جو نہایت مختصر تھا۔ پہننے کو کپڑے زیادہ نہ تھے۔ سات آٹھ پاجامہ کرتے۔ تین چار شیروانیاں سفید جس کو "انگرکھا" کہتے تھے اور چھپواری کے تین چار دوشالے۔ تین چار موٹے ململ کے عمامے تھے۔ یہ بلی کا صرف ایک چڑھاوے حوصلہ باقی خیریت۔ کھپریل کے مکان میں عمر گذار دی۔ ۲۴ گھنٹہ شطرنج کا تختہ بچھا رہتا تھا۔ آٹھ آٹھ روز مسلسل بازی چلتی رہتی تھی۔ سید ابراہیم صاحب عفو کے والد پیر ایک ایک مہینہ شطرنج کھیلنے کے لئے مہمان رہے تھے نواب اسد علی خاں معروف بہ اسد میاں صاحب دو دو ہفتے صحبت میں رہتے تھے۔ اپنے گھر سے کھانا منگا کر کھاتے تھے۔ امیر اللہ صاحب امیرؔ اور عباس علی خاں صاحب بھی اکثر شریک شطرنج رہتے تھے۔ اسی انہماک میں مطب گرم رہتا تھا کوئی آکے کہتا کہ بیگم صاحبہ کو رات بھر بخار رہا تو سو سو بار شطرنج کے تختہ پر نظر جما کر کہتے رہے کہ "بیگم صاحب کو رات بھر بخار رہا، بیگم صاحب کو رات بھر بخار رہا" کوئی کہتا کہ حضرت "کھانسی چین لینے نہیں دیتی" تو حکیم صاحب بھی دہراتے چلے جاتے کہ "کھانسی چین لینے نہیں دیتی" پھر نسخہ ارشاد ہوتا تو جمال جو کمپونڈر تھا دوا بنا دیتا۔ ایسی حالت میں بیچاسوں شیشے قارورے کے دیکھتے اور نبض بھی دیکھتے مگر نظر تختہ پر رہتی دوا بھی ایسی تجویز ہوتی جو تیر بہدف ہو۔

مرزا سالکؔ کے پاس کبھی مشاعرہ ہوتا۔ کبھی منشی راجہ کے فرزند کے پاس تو شطرنج سے فارغ ہو کر غزل بھی لکھا کرتے۔ آخری زمانے میں خطاطی کا شوق پیدا ہوا تو زریں رقم خاں مدراسی کے شاگرد ہوئے۔ استاد صاحب شاگرد صاحب کا

حضرت عشق کی زندگی

کے

کچھ حالات

راقم الحروف نے بوقت ترتیب دیوان مولوی عبدالرب صاحب مدظلہٗ نبیرۂ حضرت موصوف سے اپنے ایک خانگی خط میں درخواست کی تھی کہ وہ حضرت عشق کے ختم و بعد حالات سے مطلع فرمائیں تاکہ ان کو دیباچہ میں درج کر دیا جائے۔ صاحب موصوف نے اس کے جواب میں جو حالات تحریر فرما کر بھیجے ہیں وہ حضرت عشق کے پایان عمر کے حالات کی ایک بے نقاب تصویر ہے اسلئے بجنسہٖ اس کو درج ذیل کیا جاتا ہے غالباً اس کا مطالعہ ناظرین دیوان کے لئے خالی از دلچسپی ہوگا۔

چند روز ہوئے آپ نے فرمائش کی تھی کہ ہمارے نانا جعل الجنۃ مأواہ کے کچھ حالات لکھ بھیجوں۔ خط دیکھ کر میں سوچتا رہا کہ کیا لکھوں۔ ان کی رحلت کے وقت میں طفل چہاردہ سالہ تھا۔ ان کی زندگی میں کوئی ایسی خاص بات نہ تھی جو سپرد قلم ہو سکے سوائے اس کے کہ چٹائی پر بیٹھتے تھے۔ قالین بستر کبھی نصیب نہ تھی۔ نہ کبھی اس کا ان کو خیال آیا۔ کھانا اچھا کھا نہ سکتے تھے۔ اچھا کھانا کبھی میسر نہ آیا۔ طبیب حاذق تھے۔ ہاتھ میں شفا تھی۔ لوگ معتقد تھے میٹھے حلوے اور وغیرہ بعض لوگ بھیجا کرتے تھے۔ کھانے والے بہت تھے۔ سب سے بڑے حقدار اور ممتاز حقدار ہم تھے۔ زیادہ حصہ ہمارے پیٹ میں جاتا تھا۔ میٹھے کھاتے تھے۔ اور انکی گود اور سینہ پر سوتے تھے۔ پوری ناز برداری ہماری ہوتی تھی ہم بھی کم عمر تھے مگر افضلیت اور فوقیت ہم کو حاصل تھی۔ ماہانہ ۲۲ روپیہ وظیفہ ملتا تھا . . .

نہایت نستعلیق خوش طریقہ سے صاف کر لیتے تھے میں اکثر دیکھتا تھا کہ مصر کی مطبوعہ ضخامت کتابوں کا اکثر و بیشتر مطالعہ کرتے تھے غرض بڑی جامعیت کے بزرگ تھے
حضرت مرحوم علاوہ انتہا درجہ کے متقی ہونے کے صبر و رضا و تسلیم کے صفات سے متصف تھے اور تکلیف کی برداشت کا پورا مادّہ ان میں تھا۔ پیٹھ میں راج پھوڑا ہو گیا تھا۔ ڈاکٹر بی صاحب کے دواخانہ کو نشتر کرانے کے لئے گئے۔ میں بھی ساتھ تھا کلوروفارم لینے سے انکار کیا ڈاکٹر نے ایک کلدار روپیہ کے برابر دو شگاف آڑے اور کھڑے دئے۔ کئی طشت مادہ خارج ہوا اُف تک نہ کی۔ پسینہ کے دھار جاری تھے

حدیقۃ المرام فی تذکرۃ العلماء الاعلام مصنفہ

مولوی مہدی واصف ۱۲۷۹ ہجری

مطبع مظہر العجائب مدراس

صفحہ (۴۰) :-

مولوی عبد الباسط ابن شیخ محمد مہدی

مؤلف الحدیقہ۔ شاہ کی لاہار نہ فی

ادب واحترام کرتے خود ہر دو سرے چوتھے روز گھر پر آ کر اصلاح دیتے۔ فلس کچ کے بیسیوں ریم مشق میں سیاہ و سرخ ہوتے۔ خط بھی بہت درست ہو گیا تھا۔ نانا صاحب کا چھیل کر دیا ہوا بروکا قلم اب تک تبرکاً میرے پاس ہے۔

اس اثناء میں فارسی کے بعض رسالے اور کتب مجھ کو پڑھاتے بھی تھے اور ازبر کراتے تھے۔ مثل کریما دری وغیرہ۔ شطرنج سے فرصت ملی تو اقربا اور احباب کی مداوی اور عیادت کو بھی پیدل جاتے تھے۔ ہر اج سے بیکار چیزیں کثیر مقدار میں خرید کرلاتے۔ دو ہراج خانوں کے وہ مالک انگریز تھے روپیہ کے لئے ہمیشہ تقاضا رہتا۔

نواب مختار الملک کے پاس قدر وعزت تھی نواب صاحب کے انتقال کا بڑا صدمہ ہوا۔ رات کے ۸ بجے نواب صاحب کا انتقال ہوا۔ دس بجے رات کو ڈیوڑھی سے گھر آئے ہماری نانی نے پوچھا (کھانا کاڑوں) تو کہنے لگے کہ کھانا دینے والا چلا گیا میں کیا کھاؤں۔ ویسے ہی سو گئے۔ میں بھی ان کی گود میں سو گیا۔ غرض حرص و لالچ دنیا کے مال و منال کا کبھی خیال تک نہ آیا نہ اچھے مکان میں رہنے۔ نہ فرش فروش پر بیٹھنے کا کبھی خیال ہوا۔ امیر غریب جو ملاقات کو آتا چٹائی پر بیٹھتا۔ مزاج میں ظرافت بہت تھی ملاقات سے لطف اندوز اور معالجہ سے صحت یاب ہو کر جاتا۔ دنیا میں ایسی زندگی بسر کی جیسے کوئی مسافر سرائے میں چند گھنٹے سستا کر چل کھڑا ہوتا ہے۔ دن میں کئی بار چائے۔ نیتی اور حقہ اور چٹیا تو منہ سے کبھی جدا نہیں ہوتا تھا۔ سید صاحب[۱] مرحوم کہتے تھے کہ منطق میں بڑا دخل تھا۔ دار العلوم کے اساتذہ کی تفہیم سے تشفی نہ ہوتی تو وہ صاحب[۲] کے پاس آ کر مسائل کو

---

[۱] ۔ سید محمود صاحب ان کا نام تھا مدراس کے سادات نجیب الطرفین میں سے تھے۔ عمر بھر طالب علمی کرتے رہے۔ اطلبوا العلم من المہد الی اللحد۔ کے پورے پورے مصداق تھے فلسفہ و منطق کا بہت شوق تھا۔ اخیر زمانہ میں مولوی سید بدر الدین صاحب مرحوم کے شاگرد بھی ہوئے تھے [۲] حضرت کو گھر میں تمام چھوٹے بڑے "صاب" (مخفف صاحب) کے نام سے بلاتے تھے۔

کنم سر رشتهٔ امید با خیاط او محکم
که تار دامن دل فشان وا گوی گریبانش

را بروی تو عیان گشته اوج پایهٔ تیغ
رخ تو ورقهٔ آن خلد زیر سایهٔ تیغ

ای ز بهار رخ تو جمله را
سقف گل و در گل و دیوار گل

چیدن گل خواهی و ترسم بلی
دست تو بس نازک و پر خار گل

روزه تیره ام مست گر بلطف گوهرم بنگر
چو اشک سرمه زبان، در غبار سرمه می آیم

بار کسوت بر نتابد از سبک روحی تنم
بس بود هم چو سخن تار نفس پیراهنم

در غم دور از رخت چیدن پلک را گویا
کرده ام این چاک از سوزن مژگان رفو

در غم آن حال گشتم خالی از زهد و ورع
سبحهٔ صد دانه را کردم یکی دانه

متاع نواسنج غمت هر دل تنگی
در میکده ات قلقل هر شیشه برنگی

تذکرهٔ گلزار اعظم مؤلفهٔ نواب غلام غوث خان اعظم

مطبوعه ۱۲۷۲ هجری ص ۲۶۴

عشق - تخلص حکیم عبد الباسط پسر مولوی محمد واصف است در سن یک هزار و دو صد و شصت و هفت هجری در شهر مدراس از تنگنای عدم بشارع وجود رسید و کتب عربیه و فارسیه بقدر ضرورت از پدر خود و حاجی زین العابدین که خال اوست و خان عالم خان بهادر نارق بحد رسانید اصلاح سخن از ایشان دارد و غزل و قصیده بکمال سرعت می نگارد و زبان انگریزی و پانزده فن طب فرنگی از مستعدان اهل لسان آموخته و بهرهٔ وافی اندوخته همواره بمعالجهٔ علیلان می پردازد و اوقات خود درین کار صرف می سازد - سرگذشت روزگار و احوال هر دیار هر هفته یک بار بقالب طبع می آرد و مسمی به "تیسیر الاخبار" نهاده اشتهار می دهد - متین مزاجش در وادی

العربیۃ والفارسیۃ والانجلیزیۃ
لاسیما فی علم الطب حذاقۃ کاملۃ و
ھو نزیل میسور مضا فاتہا فی بعض
الاشغال لا زال سالما

تذکرۂ اشارات بینش مؤلفہ سید مرتضی تخلص بینش

(۱۲۶۵ھ مطبوعہ مدراس (صفحہ ۱۳۲)

عشق تخلص عبد الباسط خلف الرشید محمد مہدی واصف است
جوان مہذب الاخلاق وسنجیدہ وضع وکتب عربیہ وفارسیہ پیش زین العابدین نامی کہ
خال اوست خواندہ واکثر در صحبت خان عالم خان فاروق تیص ہا بر داشتہ
اصلاح سخن ہم از دمی گیرد، غرض با وجود سرعت فکر، خوش تلاش وبلند خیال است،
امّا از توغل تحصیل علوم مشق شعر کمتر میدارد از وست ؎

در چمن روزگار چوں گل شبنم زدہ — دیدۂ گریاں کشائے بر رخ خنداں صبح
دل بر دیار گر بہ ورا ری نمی رسد — دل زندہ است تعزیہ داری نمیرسد
طفلانِ مکتب اند بذکر تو مشتغل — نوبت بیاد خالق و باری نمیرسد
مے اگر دشمن خسر دبا شد — باخبر دشمناں چہ بد با شد

"خطاب" "گلزار اعظم" کے مولف نے لکھا ہے کہ آپ مولوی محمد مہدی واصف کے فرزند دل بند ہیں۔ آپ کی ولادت باسعادت ۱۲۳۶ھ ہجری میں شہر مدراس میں واقع ہوئی اور آپ کی تربیت و تعلیم بھی وہیں ہوئی۔ آپ نے ابتداء میں والد ماجد اور اپنے ماموں حاجی زین العابدین کی خدمت میں کتب عربیہ و فارسیہ ختم کیں۔ اور خان عالم خان بہادر فاروق تخلص سے کتب عربیہ کی تکمیل کی اور حضرت فاروق[1] سے اصلاح سخن بھی لیتے تھے، آپ کی طبیعت کو شعر و شاعری سے زیادہ مناسبت بھی، غزل قصیدہ، مضامین کو کس بسرعت تمام موزوں کرتے تھے، آپ کے کلام سے معلوم ہوتا تھا کہ مضامین کی طبیعت میں آمد تھی گویا تازہ تازہ مضامین آپ کے میدانِ خیال میں دست بستہ کھڑے ہوئے ہیں۔ جب چاہتے تھے فی البدیہہ مضامین متفرقہ و معانی جدیدہ کا شیرازہ باندھ گلدستہ کی طرح اہل کمال و سخن سنجان نازک خیال کے جلسہ میں پیش کرتے تھے۔ بزرگان جلسہ آپ کے کلام فصاحت انجام کی داد دیتے تھے، تحسین و آفرین کے ساتھ واہ واہ کہتے تھے، آپ فن طبابت یونانی و انگریزی میں قدرت کاملہ و ملکۂ تامہ رکھتے تھے۔ طب انگریزی حکمائے فرنگ سے اخذ کی تھی، زبان انگریزی کو مثل عربی و فارسی جانتے تھے، اکثر اوقات بیماروں کے معالجہ میں صرف فرماتے تھے، اور آپ تواریخ و واقعات سلف سے زیادہ رغبت رکھتے تھے اور زمانہ کے حالات سے واقف ہونا پسند کرتے تھے، بناءً علیہ آپ نے ایک اخبار مسمی "تمیز الاخبار"[2] جاری کیا تھا۔ یہ اخبار ہفتہ واری تھا۔ ہفتہ میں ایک بار طبع کر کے تقسیم فرماتے تھے، فقیر مولف کو یہ امر معلوم نہیں ہوا کہ وہ اخبار کب تک جاری رہا اور کب موقوف ہوا۔ آپ سر سالار جنگ مختار الملک بہادر مدار المہام سرکار عالی نظام کے عہد میں مدراس سے حیدرآباد دکن تشریف لائے۔ صیغۂ منصب میں ملازم ہوئے، مدت العمر صیغۂ مذکور میں مامور رہے ہمیشہ بیماروں کے معالجہ اور طلبہ کی تدریس میں مصروف رہتے تھے، آپ صاحب اولاد تھے

---

[1] شعرائے دکن صفحہ (۹۰۲) [2] گلزار اعظم میں "تبر الاخبار" لکھا ہے

افکار را بیں سوزش نالۂ عاشقانہ می کشد ۔ ؎

گفتم کہ "دل بروئے تو بستم" بخندہ گفت ۔ "ایں تازہ شاعریست کہ مضموں بستہ گفت"

ایں نقش نام روشنت آں گونہ خوش سواد ۔ کز حرف حرف سرمہ بچشم نگیں کشد

گرمیٔ عشق تو زد در دل ما شاد آتش ۔ خانہ ام کرد چو آتش کدہ آباد آتش

صد زباں میکند از شعلۂ پر سوز بلند ۔ از غم سوختگانست بفریاد آتش

خستۂ عشقم و ہر چارہ گرے بد تشخیص ۔ رنج من گفتہ دگر یک مرض و صد تشخیص

دست برداشت ز من بوعلی سینا ہم ۔ طلبش نبض مریض تو کند رد تشخیص

بر زلف تو حال دل شیدا کہ کند عرض ۔ سرگشتگی رقیب بلبلی کہ کند عرض

بلب رسیدہ ز سودائے ابروت دم تیغ ۔ دلیل قوت ضعف است قامت خم تیغ

بار کسوت برنتابد ار شکست روحی ہم ۔ بس بود ہم چو سخن تار نفس پیراہنم

می زنم بعد شہادت دم شاہی از خوں ۔ مشہدم راست سحر مہ دماہی از خوں

چشم نشو خفتہ از کشتن عشاق ملول ۔ نشود سیر بلے مردم سیاہی از خوں

دیدہ بیدار تو از اشک در اردشت وتہو ۔ چوں قلندر ستمریان بلے نماز و با وضو

در دلم ابروان تو تیغ دو و نیام یک ۔ غمزہ بہر دو چشم تو تیغ یک و نیام دو

بر سر راہِ آں صنم طرح نماز افگنم ۔ سجدہ بنقش پا کنم کار یکے و کام دو

محبوب الزمن تذکرۂ شعرائے دکن مؤلفہ مولوی عبدالجبار صاحب آصفی

حصہ دوم صفحہ ۸۵۳ مطبوعہ ۱۳۲۹ ہجری

عشق: حکیم عبدالباسط عشق تخلص، عبدالباسط نام، حکیم الممالک خان بہادر



ز جهل و شرک میبر سید شرع و دین مرا | کنم نه سجده بجز عقل آفرین مرا

طفیلِ احمدِ مرسل امیدِ بخشش هست | وگرنه بیم چه کردے دلِ حزین مرا

محبِّ آلِ محمد منم چو اصحابش (رض) | نفاق پیشه بدل ره دهی چه کین مرا

کتاب و سنت و فقه است مایهٔ دانش | که حق فزوده ازیں علمها یقین مرا

سپاس هادیٔ مطلق ز جوشِ بدعتها | تزلزلے نشده فکرتِ متین مرا

بداں صفت که رحیمی خدائے بے ہمتا (قطعه) | شفائے مردہ دلاں ساز دردِ دین مرا

دمِ شهادتِ عشقِ تو میزنم هردم | دمِ مسیح بگرداں دمِ پسین مرا

زبان و دست ندارم ز کفر بالطاغوت | نگاهدار تو ایمانِ کمترین مرا

مقربانِ ترا خاکِ راه باشم و بس | ادب چو سرمه کشد چشمِ دوربین مرا

وجود را ز شهودِ تو باز نشناسم | مرا بخلوتِ وحدت مکن قرین مرا

بدادِ دل نرسد گریه‌ام اگر اے عشق
که تخمِ تو به کند سبز سرزمین مرا

آپ کے باقیات الصالحات سے خیر خواہ قوم جناب ملا عبدالقیوم صاحب و مولوی عبدالحی صاحب و مولوی عبدالسلام وغیرہ ہیں۔ ملا صاحب ۱۳۲۵ھ[1] میں فوت ہوئے۔ اور عبدالسلام مجذوب بھی فوت ہو گئے۔ مولوی عبدالحی سلمہ اللہ تعالیٰ یادگار باقی ہیں۔ ملا صاحب[2] و مولوی عبدالحی صاحب کا تذکرہ آگے ذکر کیا جائے گا۔ آخر عشق، صاحب ترجمہ نے سنہ ۱۳۰۲ھ ہجری میں اس دار فانی سے بعالم جاودانی رحلت کی، اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ اور آپ کی رحلت کی تاریخ آپ کے برادر زادہ مولوی عبدالواحد صاحب صاحب نے کہی۔ وَھُوَ ھٰذَا۔

حضرت عشق آنکہ بفضل و شرف
بود گرانمایہ و والا گہر

در شنبہ پنجم ربیع نخست
کرد ز دنیا سوئے عقبیٰ سفر

شکل گریبان بغمش خلق را
ہم دل و ہم سینہ شد و ہم جگر

واجد ما سال وفاتش نوشت
حادثۂ عشق جہان ہنر

۱۳۰۲ھ

اشعار وہی لکھے ہیں جو گلزار اعظم میں ہیں۔ اس لئے نقل نہیں کئے گئے۔

---

[1] صحیح سنہ ۶ رمضان ۱۳۲۴ھ ہے [2] شعرائے ترکی صفحہ (۱۳۱)

۳

بجائے اشکِ دل آید بچشمِ گریانم
که تا نظاره کنم یارِ دلنشین مرا

نگارخانهٔ چین و نگارِ من هیهات
ببین به دیدهٔ انصاف آن و این مرا

بتارِ گیسوے جانانِ من گره بندید
که رشته نگسلد از وے دمِ پسین مرا

بدستِ من چو صدف گوهرِ مراد آمد
گرفته است عرق شرم یاجبین مرا

همیں ز حسنِ دلارائے او بود مشهور
کرشمهائے دگر هست نازنین مرا

مباد آب شود سنگ تو ازاں ترسم
بدل نهفته چه داری شرارِ کین مرا

بغیرِ سجدهٔ شوقت ازاں بریزد هیچ
هزار بار زفشانند اگر جبین مرا

نهان ز شرم [1] آسمان اینکاش
نقاب برفتد از روئے مهِ زمین مرا

بمهرِ حسرخ ز چشمِ منش چو بردارد
زند بشمع دلِ زار آستین مرا

دلا تو پیشه بکن صبر و دم مزن هرگز
که صلح دیر بود زود خشمگین مرا

شهیدِ عشقم و تابوتِ من بدوشِ ملک
ز اهلِ عرش کنی گوش آفرین مرا

ز مکر و حیلتِ او می برم پناه بخدا
که راهزن بود این نفسِ شوم دین مرا

منم ز هرزه درایان و او سخن سنجے
قرینِ من نکنی عشق بے قرین مرا

جگر خراشِ مکن جانِ آهنین مرا
که خامه از رگِ خود بس بود نگین مرا

چراغِ داغِ شبِ هجر روشن است بدل
فتیله آه بود جانِ آتشین مرا

---

[1] اصل مسودہ میں یہ الفاظ محو ہو گئے ہیں۔ غالباً "مشو رما" ہوں گے ۱۲۔

حنا کہ بست کفِ شوخِ نازنین مرا — کہ بر زدست بخونِ من آستین مرا

منم کہ از تلفِ عقل و دینِ خود گریم — ازیں چہ غم بود آشوبِ عقل و دین مرا

اُمید ہست بدامانِ خود رساند یار — فتادہ است ز دُنیا چو آستین مرا

بمہرِ داغ رسیدہ است محضرِ رُوشن — کہ بعد ازیں نکنی رد دلِ حزین مرا

ز باغِ غنچۂ دل وا نگشت جذبۂ شوق — رساں تو غیرتِ گل رشکِ یاسمین مرا

اگرچہ آب بود از صفائے گوہرِ خویش — تو نقشِ سنگ بداں شعرِ دلنشین مرا

چگونہ دردِ خود اے عشق دل تو گوید
امانتی ست کہ لب بست ازاں امین مرا

ز چشم بستہ دلم دید مہ جبین مرا — چہ دُر دریں کف آمد صدف نشین مرا

ز بس بشوقِ کسے میبردم ز خود پنہاں — خبر ز رفتنِ من نیست ہم نشین مرا

چو دید راز دلم چشمِ کم نگاہ کسے — ندید با تو چرا حالتِ مبین مرا

عیاں ز جبہۂ مہر داغ را کہ می بینی — نشانِ سجدہ بود کوئے مہ جبین مرا

نہ صبر آں کہ بدل خوں کنم گلِ مضموں — نہ تابِ حرف و سخن خاطرِ حزین مرا

سخن بہ تلخ مذاقانِ دہر میگویم — ز بسکہ با ز ندانند انگبین مرا

کنوں سزد کہ بناز آستیں برافشانی
گذاشت عشقِ تو بر دیدہ آستین مرا

ز گردِ کلفتِ غم نیست چیں جبین مرا — کہ برکشیدہ برو صبر آستین مرا

نشستنی بنود هیچ گه زمین مرا — فلک بزیر قدم گرد کمترین مرا

بزار نالی او بسکه خنده زن شدگل — چه شادیست بخاطر دل حزین مرا

سخن بوصف لب نوش کیست حیرانم — که ردح قدس مگس گشت انگبین مرا

زبسکه آب شد از گریش دل پیکان — گذاشت تیر ستم زخم سهمگین مرا

زخاکساری من سبز سر بلندیها — نبوده تنگ غبار رسے بسر زمین مرا

منم که باغ گل داغ حسرتم یکسر — زخار خار دلم سبت خار چین مرا

مژه بهم چو زنم می پرد چراغ از چشم
چه نور عشق بود چشم حسن بین مرا

شراب چهره فروزد چو مه جبین مرا — نگاه دود کند چشم شعله چین مرا

بطاق ابروی جاناں دلم چو دیده کشود — نمود بتکده چین حرم نشین مرا

چه گویمت که براه وفا چساں رفتم — دلم گرفته بیار و جگر ببین مرا

فلک بترس که سوزد نه ماه را خرمن — شراره که بود آه آتشین مرا

سوال بوسه ازاں لعل بے بہا کردم — بخنده گفت مگردان سیه نگین مرا

شنو که درد نگیرد بگوش دل مشنو — فغان سرد حزین اثر قرین مرا

مپرس حاصل کد یمین ز ناکاماں — که جوش آبله تر دارد آستین مرا

عروج طالع واژون من نزول آمد — ببین بزیر زمین چرخ هفتمین مرا

سله دست ربیع (دکھرالعم) ۱۲

چہا خمار بسر داشت نرگس مستش | مدام می کشد اکنوں شراب کین مرا
ببرد قصۂ فرہاد خواب شیرینش | کہ گوش کردہ بہ حالِ ابن حزین مرا
کلاہ مہر و مہ از فرق آسماں افتد | کند نظارہ اگر اوج سرزمین مرا
ز دست رفتہ دل پارہ پارہ ام بنگر | بحلقہ حلقۂ زلفت نگین نگین مرا

زشعر پُر اثرم عشقؔ آنچہ ہویدا شد
دعائے حضرتِ فاروق[1] برگزین مرا

زخشم چین بجبیں نیست نازنین مرا | کہ نازِ غنچہ و سر پیچ[2] است گل جبین مرا
چو مہر داغِ جنونم زبس فروزان است | چراغ مطلع صبح است شب نشین مرا
چو بارہائے غمت خفظِ شہر دل باشد | کشد چہ فوج ہوا باز سنگ چین[3] مرا
ز عجز فہم چہ اعجازہاست یاراں را | کہ بستہ اند لب سحر آفرین مرا
دلم ز سادگی جہل خویش پرکار است | کہ رونقے بنود از ورق نگین مرا
کجا چو سروِ قدش سرو بوستان بینم | نظر بلند بود چشم دوربین مرا

جدا ز حضرتِ فاروق تا شدم اے عشقؔ
زیاد رفت سخن خاطر حزین مرا

---

[1] ۔ خان عالم خاں بہادر فاروقی اُوسا و صاحب دیواں ۱۲ ۔

نور نظرے کزوست چشم — بیند نہ بچشم تر تلاشی
با خویش کسے ترا نیابد — از خویش کند سفر تلاشی
در دیدہ و دل توئی و ناحق — گشتیم بہ بحر و بر تلاشی

مپرس قصهٔ پرغصهٔ فراقِ دگر — که مهر بر لبِ عشاق بے نوا کردی
دلا منازبہ تیرِ کارئیکہ نیست تُرا — ہر آنچه بود مدارا بدلربا کردی
دوامِ عشق و وصال و ندیدنت پرہیز — تو زہر ہجر چشاندی مرا خطا کردی
ہنوز کشتهٔ بیداد خنجرِ نازم — تدار کے کنمت گفتی و کجا کردی
شگفته تر که چو مضمون پیش پا سرِ دست — کفِ دعائے منِ رفته نقشِ پا کردی

ہر آنچه کردهٔ احساں بود بعشق ابد دست
که گفت در حقِ بے چارہ جفا کردی

پُر زور ناتوانی کو آبِ ارغوانی — باز آیدم جوانی ساقی چه مہربانی
مقصود ما تہانی انکار ما عیانی — مائیم و بیزبانی یاراست و خوش بیانی
تا دید آں دہاں را از غیب گشت گویا — گوئی که بر دلِ ما ختم است ہیچ دانی
ابروئے و چشمِ جاناں باشد بلائے دوراں — در دستِ مست مژگاں شمشیر ہندوانی
پیشانیٔ تو پُرچیں خاموش لعلِ نوشیں — اے شوخ تا بکی ایں مشقِ ستم رسانی
مارا خرامِ نازت پامال ساز طاقت — کے عجز تو از نزاکت بنمود پہلوانی
در عشقِ تو چنانم حیرانی است ازانم — خوں می کشتم ندانم ایں بار ناتوانی
گرچه سرِ شہادت مارا بود سلامت — سر تا بسر ندامت گردید سخت جانی
زاں لعل نا مکیده بوئے مگر شنیده — جانم بلب رسیده در شوقِ میہمانی

فردوس نشاط و دوستانش　　بهر اعدا سقر تلاشے
در گوش گلے رسید بس عشق
غواصیٔ این گهر تلاشے

فلک بگردشِ چشمے که آشنا کردی　　که استخوان مرا رشکِ توتیا کردی
چه شوخیے که نه شرمندهٔ حیا کردی　　بیا که کار دلم را بمدّعا کردی
روا است گر بزنی دم ز آشنائی خود　　کنوں که دل همه بیگانه از وفا کردی
مرو ز دیدهٔ مشتاق هیچگاه و ببیں　　که خویش را ز نگاهِ که خودنما کردی
ز تاب گیسوئے مشکینِ تو عیاں گردید　　که قصد خونِ دلِ رفته عمرها کردی
ز پیچ و تاب چه بودست حاصلت از لطف　　جز این که مصرعِ آهِ مرا رسا کردی
بشوقِ لعلِ لبِ نوشِ جاں دهم هر دم　　چه زهر بود که در چشمهٔ بقا کردی
مرا چنانکه تو دیدی گذاشتی رفتی　　چرا نه جانِ حزینم ز تن جدا کردی
برآر داغ چو یک رنگیٔ مرا کردی　　شگفته چوں گلِ رعنا رخت چرا کردی
تمام خواهشِ دل را بیک ادا کردی　　چگویمت که چه بر جانِ مبتلا کردی
ز هر رهے که درایم تو در فراز مکن　　که شوقِ دیدنِ خود را تو رهنما کردی
مرا که دولتِ پاینده آرزو باشد　　ز تیغِ خویش بسر سایهٔ هما کردی
نوازشے چه بود گر کنی بدیدهٔ من　　چناں که آئینه را باغِ دلکشا کردی
ز بوئے خونِ دلِ خویش مست و مدهوشم　　چه نافه بود که در دامنِ صبا کردی

اے شوخِ پُرفنِ من این است شیوۂ من — حُسنِ تو دشمنِ من عشقِ تو یارِ جانی

تا حالِ غمزۂ ناز در صیدِ جان است شہباز — طوطیِ خط بپرواز بر اوجِ لامکانی

شد ہجر سخت جانکاہ چوں کرد مہر تا ماہ — من پیر گشته ام آه در اوّل جوانی

زیں رد و کد حزینم مشکل مفر از بیم — ہر دو لبِ تو بینم خوں گرم یکزبانی

بشتاب جانِ محزوں در قیدِ غم خوری چوں — اے طائرِ ہمایوں خوش عرش آشیانی

پیغامِ وصلت ار کرد تو عشق دل مکن سرد
انکار نامہ آورد شرمندگی نشانی

دوریم از تماشا خوں شد دل تمنا — بوئے بہار ما را اے بادِ بوستانی

گفتارِ تو عجیبے کس را نشد نصیبے — ہر لفظِ تو غریبے در کثرتِ معانی

دانیم قدرِ گیسو کے می شود پریرو — ہمسر بیک سرِ مو صد عمرِ جاودانی

اے فخرِ میرزائی فضل اللہ الحسینی — کز فرطِ نیکنامی عزت فزائے خانی

خواہم ہمیں بقایت از بسکہ خاکِ پایت
شد سرمۂ بصارت در چشمِ قدردانی

از گریہ خاک بر سرِ این آبرو کنی — خوش باشد آبِ تازہ رواں گر بجو کنی

مکشائے دیدہ جز برخِ دوست زینہار — ایں چاک را بسوزنِ مژگاں رفو کنی

باقی وہانِ تشنۂ دریاکشاں بہ بیں — لبریزِ گریہ شیشہ و جام و سبو کنی

ہستی چو قمریاں نشود غل بگردنت

گہ بود ہمت از دست گردیم تا نہ سرمست — تشویشے برکنار است ساقی چو در میانی

ای شکر تو ہر دم آب حیات در دم — عمر عزیز کردم صرف مگس پرانی

من حسن ظن فزودم در خدمت تو کم کم — آخر یقین شد اینم بسیار بدگمانی

ہر جا کہ بود ہاموں گردید از تو جیحون — اے سیل اشک پرخوں خوش مطلق العنانی

در این سرای ماتم جاں سوز نوحہ سنجم — دانی کہ چیست خوانم بودہ یکے فغانی

سرمایہ سعادت از داغ عشق بادت — خواہی چو بر مرادت نقشے ولا نشانی

در عشق آں پریرو نالاں شدم بہر سو — من ای وجہ اشکو حبا بہ جفانی

گفتند امتحان را آرند دل نشاں را
من عشق نقد جاں را دادم بمژدگانی

[illegible] ۱۲۰۱

در شوق شادمانی چون غم دلا بدانی — ماند بہ سیر فانی در یاد نوجوانی

از دیدہ گر نہانی تو جان عاشقانی — آثار ما عیانی ہر چند بے نشانی

از راہ مہربانی سنگے مرا بدانی — بگذر ز لن ترانی یک جلوہ ناگہانی

در باب اضطرابم چوں میدہد عذابم — بے تو کجا بیابم آرام زندگانی

مگذار زار و نالاں کز یک نگاہ یک جاں — تیمار دردمنداں کردی و میتوانی

جو بندگان دل را دادہ نشان دل را — راز نہان دل را دانستہ ام کہ دانی

از غفلت تو جاناں ملک دل است ویراں — وے بندہ تو شاہاں این طرز پاسبانی

شب چوں مرا بسر شد زاں کے ترا خبر شد — گو نالہ سحر شد گرم جگر فشانی

قطعه

بعرض اقدس عالی رساند پریشانی حالی خود کرده مرقوم

اگر میری ز بخشش شاد و مرگ است — غلامے ہمچوں من از یک عمر مغموم

بهر خدمت که سازد خواجه مامور — بجز تسلیم کار بنده معلوم

ولے آہسته می گوید فلاکت — چرا ای از ترقی عشق محروم

فدامت با لیاقت ہمزبانش — سکوت از بنده باشد نیک مذموم

حوالت می کنم بر فضل داور — جواب حاضر این پرسنده مفهوم

چه داور داور لطف و کرمها — بسالاری و مختاریست موسوم

بعدل و حکمت و فهم و فراست — عدیل او به ہستی گشت معدوم

دوام عمر و جاه و دولت او — بحفظ خاص زیبا حی قیوم

زیادت دور از پاس ادبها
بحکم گفتن طوالت گشت مختوم

چنداں بعشق سرور دانش غلو کنی

اے دل ہوسِ شباب تا کے — وز دُود جگر خضاب تا کے

نازِ حسن و شباب تا کے — ایں مستی و ایں شراب تا کے

بے جرم و گنہ عتاب تا کے — بر جانِ من ایں عذاب تا کے

زلفِ تو ز رُخ نقاب تا کے — شب در برِ آفتاب تا کے

زاں نرگسِ مست مسجد و دَیر — چوں خانۂ دل خراب تا کے

او غافل و دل بکنجِ ابرو — بر طاق بود کتاب تا کے

جامِ دلِ من ز دستِ ساقی — پُر باشد و بے شراب تا کے

آیم با خود بدیر تا چند — رفتن ز برم شتاب تا کے

بلبل از رشکِ عارضِ او — بر آتشِ گل کباب تا کے

در شوقِ فروغ طلعتِ او — تر دیدۂ آفتاب تا کے

لب زیرِ تبسم آں دہان است — در جوش بود شراب تا کے

ایجاں منم و نفس شماری — دم دادنِ بےحساب تا کے

بے آب مروت است دنیا — از رہ بروت سراب تا کے

بیگانہ شد است یار و عاشق — شرمندۂ انتساب تا کے

حرفے براد عشق بنویس

او منتظرِ جواب تا کے

مخروش که آرزو قتیل است این جا | خون دل بیدلان سبیل است این جا
کو درد کجا داغ چه باشد زخمش | هر دعوی عشق بی دلیل است این جا


در شوق بهار جلوه آتش ست بر آ | ساغر ز دل پر شده در دست بر آ
در گلشن اعتبار کو رنگ ثبات | بوئی شده یکدم چو نفس هست بر آ

عاشق تخم سرشک کارد این جا | تا نخل ماتمی بر آرد این جا
غیر از لخت دل بدامن مقصودش | هرگز دیگر ثمر ندارد این جا

در هجر چه‌ها شوق وصال است این جا | بر دل ز ملال صد وبال است این جا
بر تشنه حرام شربت دیدار است | خون ریختن خویش حلال است این جا

دوزخ چه بود هجر بنائی آنجا | آئی چو دمی به که نیائی آنجا
از سوز مزن دم که گدازی چو شرار | گردی تو خسی گشت خودنمائی آنجا

مشتاق ترا غم تو کاهیده بیا | دامان غرور حسن برچیده بیا
در راه ز مردمان نیاید شرمت | ای مایهٔ ناز دیده در دیده بیا



رباعیات


حیرانیِ ما آئینہ دار است ایں جا
ہر داغ گل و نالہ ہزار است ایں جا
برخود ز نشاط چوں ننالد حسرت
در عین خزاں طرفہ بہار است ایں جا

در کارگہِ عشق ز ہر پیشہ بر آ
فرہاد مباش واز سر تیشہ برآ
دانش نخرند تا بجنونت چہ رسد
دیوانہ مشو چو قیس ازیں بیشہ برآ

از بس کہ ربودۂ تو دل از برِ ما
صد خندہ ہمی کنی بچشمِ ترِ ما
آخر چہ فسون است لبِ تو کہ بخواند
ما در سرِ تو چیکہ ندارد سرِ ما

داغ تو بداغ میرساند خود را
خاطر بفراغ میرساند خود را
عشقِ تو جدا از دل نخواہد بودن
ایں مے بایاغ میرساند خود را

تا ناپہ بسر زد دود آہست ایں جا
جانسوزیت اے چرخ تباہ است ایں جا
ہر داغ سیاہے کہ تو بر دل بینی
خورشیدِ مرادے رو براہ است ایں جا



دیوان

حکیم الممالک مولوی حکیم عبدالباسط المتخلص بہ عشق

موسوم بہ

ترانۂ عشق حصہ دوم

مشتمل بر

غزلیات و رباعیات اردو

بنگر چوں با دیدۂ خونبار نشینم
زیں نفسِ سرکش ہمہ بیزار نشینم

ازبس بر عہدِ دلِ غم خوار نشینم
تا او بہ باشد زندہ عزادار نشینم

برخود نازم عشق وفادار نشینم
آمد ناگہ ہوشم بگرفت ورفت

دریا دآں شوخ جفاکار نشینم
من اور از یں بخت طلبگار نشینم

دورم دورم گو بر ولدار نشینم
حیرانم اے عشق کہ آں نورِ نظر

یعنے از خود من پسِ دیوار نشینم
درچشم است و طالبِ دیدار نشینم

از لطفِ قد و صباحتِ خد چہ کنی
از ہر طرفے جمالِ مطلق تاباں

وز سلسلۂ جعدِ مجعد چہ کنی
اے بیخبر از حسنِ مقید چہ کنی

تا برخود بستی عشق یارے را
چشمش ہر دم در جانم میگردد

چوں نے اے دل نمیکنی کارے را
طاقت بنگر دائم بیمارے را

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

مولوی عبدالواجد صاحب نے بوقت ترتیب دیوان اُردو حسب ذیل دیباچہ
لکھا تھا۔ جس کو بجنسہ نقل کر دیا جاتا ہے۔

حضرت عمی و استادی حضرت مولوی حکیم عبدالباسط صاحب قبلہ المخاطب بہ حکیم الممالک عشقؔ تخلص رحمۃ اللہ علیہ و قدس سرہٗ کا پورا کلام
مدون نہوا اور جو کچھ ہوا تھا اتفاق سے وہ بھی تلف ہوگیا۔ بہت سی غزلیں مدراس
اور ہمارے حیدرآباد میں اُن کے بعض شاگردوں اور دوستوں کے پاس رہ گئی تھیں
اس کمترین کے نزدیک بھی فارسی اور اُردو کی چند غزلیں تھیں جن کو حضرت مرحوم نے کمترین کے
حسب درخواست اپنے محب صادق نواب سید علیخاں صاحب حماہ اللہ الواہب کے
پاس سے منگوا دی تھیں۔ تاکہ اُن کی فراہمی ہو جائے پس کمترین نے ان کو اجرائے
ذیل میں بلحاظ ردیف جمع کر دیا۔ اور حضرت قبلہ گاہی مدظلہٗ و عم نفیضہٗ کی ہدایت سراپا برکت سے
ترانۂ عشق اس دیوان مختصر کا نام رکھا فقط

الراقم۔ کمترین محمد عبدالواجد۔ عفی عنہ

سرکا نقاب رات جو اس مستِ خواب کا — ہوتے ہی صبح کھل گیا گل آفتاب کا

افسوس ہے کہ اب تو وہ دل بھی نہیں رہا — جو سننے والا تھا مرے حالِ خراب کا

جب سے وہ تیرِ غمزہ ہوا ہے جگر کے پار — آنکھوں سے بھی بند نہیں خونِ ناب کا

ہاں سے غرض مجھے ہے نہ مطلب نہیں سے کچھ — خواہاں ہوں ان لبوں سے فقط میں جواب کا

ساقی کی اک نگاہ نے ایسا چھکا دیا — لاؤں کبھی نہ نام زباں پر شراب کا

عاشق کو چشمِ تر دلِ بیدار چاہیے — پھر خواب میں بھی دیکھنا مشکل ہے خواب کا

آئینہ لیکے ہاتھ میں چہرے کو دیکھو جب — دیکھو قِران صاف مہ و آفتاب کا

رکھ دو اٹھا کے دفترِ ارشاد طاق پر — اے شیخ حرف خواں ہوں میں دل کی کتاب کا

نقشِ بر آب مسندِ شاہی کو دیکھئے — سمجھو اگر تو تاج ہے کاسہ حباب کا

ہے ان کی گفتگو سے معطر تمام بزم — غنچہ ہے اس دہن کا کہ شیشہ گلاب کا

آتے ہیں وقتِ فکر مضامین گو ہزار — جانے دو کیا کروں کہ ہوں قیدی حساب کا

پا در رکاب شائقِ دیدارِ عشق ہے
کریئے نہ دیر وقت یہی ہے شتاب کا

ترے جلوہ سے کیا اُجالا ہوا — کہیں آپ کو ہوں چھپایا ہوا

یہ تسبیحِ گیسو کا سودا ہوا — کہ دل بھی مرا ایک دانہ ہوا

میں حیراں ہوں اے دل تجھے کیا ہوا — کہ ناحق تو محوِ تمنا ہوا

کوئی مجھ سے تدبیر بنتی نہیں — مرے دل میں کیا روگ پیدا ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیدۂ تر مرا کب شوق میں سائل نہوا ۔۔۔ ہوا حاصل یہی دیدار کبھی حاصل نہوا
دل بیتاب قاتل کے ہے کچھ میل سے مائل تھوا ۔۔۔ نازکا میں کبھی تو بسمل ہوا گھائل نہوا
برج آبی میں ان آنکھوں کے نہیں ہے وہ ماہ ۔۔۔ جذبۂ لفت کا ہماری ابھی کامل نہوا
وصل میں بھی وہی تشنہ رہا مطلب اپنا ۔۔۔ تر کبھی بحر سے گویا لب ساحل نہوا
کیا وہ جانے مری حیرت کہ حیا کے مارے ۔۔۔ دیکھ آئینہ جو اپنا ہی مقابل نہوا
نقش دیوار نہیں دیکھ وہ صورت میں ہی ۔۔۔ کون جو حیرتی شکل و شمائل نہوا
مردمک دیدہ آئینہ میں کب ہے درکار ۔۔۔ کیا ہوا عارض جاناں پر اگر تل نہوا
کچھ اوا خر کی نپوچھو کہ نہیں ہے معلوم ۔۔۔ طے ہی جب ہم سے محبت کا اوائل نہوا
اس وال آزار کو کیونکر نہ کہوں صاحب دل ۔۔۔ کہ بصد جور جدا اس سے مرا دل نہوا

اب زمانے سے نہ رکھ قدر کی تو آس اے عشق
بے ہنر کیوں ہوا کس لیے جاہل نہوا

جن کو نہیں خیال خطا و صواب کا ۔۔۔ ہوئیں شہیدان کے ہی ناز و عتاب کا

ہم اسیرِ گلشنِ میخانہ جب سے ہو گئے
قلقلِ مینا سے سنتے ہیں نوائے عندلیب

بوئے گل کو باغ سے باہر نہ لیجانا کبھی
ہے یہی ہر دم صبا سے التجائے عندلیب

کیا غضب ہے خوش نوائی سے نہیں آتا ہے باز
دیکھکر بھی حالتِ عبرت فزائے عندلیب

عشق جا کر باغ میں ہرگز غزل خوانی نہ کر
ہو مخجل بیزار تجھ سے ہو نجائے عندلیب

سوز و گدازِ شوق میں روشن بیاں ہے اب
شمعِ دماغ سوز ہماری زباں ہے اب

راہِ طلب میں گرم روی وہ کہاں ہے اب
مشتِ غبار پیا یہی کارواں ہے اب

تھا ضعفِ دل کا شکوہ جوانی میں کس قدر
پیری ہوئی نمود مرا دل جواں ہے اب

کنجِ دہن میں یا شکنِ زلف میں سہی
فارغ رہے جہاں سے مرا دل جہاں ہے اب

رہرو تمام مٹ گئے مانندِ نقشِ پا
دشتِ طلب میں قافلہ ریگِ رواں ہے اب

کثرت ہوئی ہے نقشِ قدم کی جو اس قدر
دولت سرائے یار کی رہ بے نشاں ہے اب

دل جا چکا تو شورشِ آہ و فغاں رہی
آتش تو بجھ گئی یہ نکلنا دھواں ہے اب

مجھ پر امید و بیم کی رہتی ہے کشمکش
قبضے میں یار کے جو دلِ رازداں ہے اب

دل دیکھئے داغ سینہ سے میرے نکل گیا
جوشن یہی ہے اور یہی حرزِ جاں ہے اب

میں جانتا ہوں اس کی تلوّن مزاجیاں
کیا اعتماد یار اگر مہرباں ہے اب

کیونکر بھلا ستم پہ ستم میں اٹھا سکوں
یہ نیم جاں بھی مجھ پہ تو بارِ گراں ہے اب

دیکھا کہ رحم کرتے ہیں سب میرے حال پر
ضد سے عدوئے جاں مرا آرامِ جاں ہے اب

خبر بھی نہیں اُس کو میری ہوئی — دل و جاں سے جس پر ہوں شیدا ہوا
ہیں ناکام نکلا نہ کام آہ آہ — دلا اہتمام اُس کا کیا کیا ہوا
ستاؤ نہ تم عاشقِ زار کو — وہ دُنیا سے دل ہے اٹھایا ہوا
یقیں ہے دہیں مجھ کو آجائے موت — جو دیکھوں کہیں اس کو جاتا ہوا
جو ہے بُت کدہ یہ تو پامال ہے — اگر کعبہ ہے دل تو ڈھایا ہوا
بہارِ جوانی ہے اُن کی غضب — دِوانوں سے آباد صحرا ہوا
کسی نے نہ دیکھا خدائی وہ پا — تو پھر فتنہ کیسا یہ برپا ہوا

ہوا عشق عاشق جو جاگے نصیب
کہاں کوئی معشوق تم سا ہوا

پردہ میں آیا جو وہ عشق سا عاشق نکلا — شکر صد شکر کہ معشوقِ موافق نکلا
آئینہ تو کہیں بہزاد سے فائق نکلا — ان کی تصویر کشی کے یہی لائق نکلا

قول سے فعل کہاں اُن کا موافق نکلا
ان کو جھوٹا جو کہا تھا وہی صادق نکلا

گل ہوا جب سے کہ یارِ پُر جفائے عندلیب — خار کیا کیا ہو گیا رنگِ وفائے عندلیب
اس چمن میں ہی نہیں جب رنگ و بوئے امتیاز — مکر سے ہے نام صدق و صفائے عندلیب
شکوہ صیاد کیا ہے اُس سے صد چنداں یاد — ہے بڑا گلچیں عدوئے بیحیائے عندلیب
فی الحقیقت یہ تو ہے مداح تیری اس لئے — باغباں کر جان و دل اپنا فدائے عندلیب

بےخواب و خورش ہیں ہجر میں ہم — مرجائیں گے یار کچھ بھی کھا کر
مجلس میں ذلیل ہم نہ ہوتے — دیتے نہ اُٹھا جو تم بٹھا کر
سُننا نہیں میری میں سُنوں کیوں — جو چاہے سو تو مجھے کہا کر
مِلنا ہے محال اس کا یوں ہی — سو بار پھر آئے ہم بھی جا کر
ہم جان سے جانے مستعد ہیں — اے کاش کہ دیکھے وہ بھی آ کر

حالت ہے مری تباہ اے عشق
تو بھی مرے حق میں کچھ دُعا کر

شرمندہ اس قدر ہوئے اپنی رضا سے ہم — اب کے قضا کرینگے کسی کی ادا سے ہم
بے پردہ پردے میں کسی پردہ نشیں سے ہیں — عینک صفت حجابِ بصیرت فزا سے ہم

دل باغ باغ اور معطر دماغ ہے
کیا بہرہ یاب عشق ہیں شعرِ ذکا سے ہم

تم سے آپس میں جدائی ہے تو مِل دونوں — نالہ و زار کیا کرتے ہیں، میں دل دونوں
دولتِ حسنِ خداداد ہے تم کو دیکھو — آنکھیں اپنی ہوئی ہیں کاسۂ سائل دونوں
مرغِ دانا کے لئے دانہ و دام ایسا ہو — گھات میں رہتے ہیں دل کے وہ خط اور تل دونوں
کیا دِوانہ ہے ان آنکھوں سے حذر کر اے دل — ترکِ بدمست نظر آتے ہیں جاہل دونوں
بیوفائی و وفا میں جو چلی بحث تھی کل — میں ادھر یار ادھر ہو گئے قائل دونوں
وصل و ہجراں کے سوا دل ہے رہِ عشق میں کیا

میں ملتجی ہوا کہ سنوں طبعزاد کچھ   ق   فرمایا عشق نے کہ یہ وردِ زباں ہی اب

طاقت نہ کہنے کی نہ سمجھنے کا حوصلہ

فکر و تلاشِ شعر و سخن رائگاں ہی اب

جل گیا ہی شوق میں کس رہگذر سے آفتاب — ایکدم بھی دم نہیں لیتا سفر سے آفتاب

دل کو روشن کرنا داغِ عشق کا ہی کام ہے — مطلقاً واقف نہیں ہے اس ہنر سے آفتاب

حسن انکا دل کو خوں کرتا ہی کس رنگ سے — لعل پتھر کو کرے فیضِ نظر سے آفتاب

سینہ اسکا جو گریباں سے نظر آنے لگا — ہے یدِ بیضا کہ نکلا اس کے بر سے آفتاب

آنکھ لے اپنے مہر و مہ کے نور سے روشن تو ہو — کاش نکلے اک کسی در بند گھر سے آفتاب

ہے طریقِ شوق سے ہر بے ادب کو کیا خبر — طے کیا کرتا ہے یہ رہ اپنے سر سے آفتاب

آئینہ اسکے مقابل دیکھ کے حیران ہوں — ہو گیا کیسا قریں دن کو قمر سے آفتاب

اس کے جلوے سے جو اختر آنکھ سے گرنے لگے — گر پڑا بیچارگی سب کی نظر سے آفتاب

داغ پر دودِ جگر آخر گہن ہو جائے گا

عشق دیکھا کس لئے ہے خالی خطر سے آفتاب

آنکھوں سے نہ دور یوں پھرا کر — دل کو تو مرے ذرا جدا کر

اس بحرِ جمال سے بچا کر — دنیا ہے ڈبا وہ آشنا کر

کیا فائدہ میری جستجو کا — گویا میں گیا ہوں اسکو پا کر

ہجراں کبھی کوئی بلا بری ہے — ڈرتے ہو جو تم مجھے ڈرا کر

کیا کیا کشیدہ ہم سے وہ ابروکماں نہیں / تڑپے ہے دل کہ تیر نگہ کا نشاں نہیں
حیراں ہوں میں کہ کیوں ہے نظروں جھکی ہوئی / تیری یہ خواب ناز تو ایسی گراں نہیں
اُس کی نظر ہے صاعقہ برق طپاں ہے دل / کس طرح پہنچے تیر نظر تا نشاں نہیں
پیاسی مرے لہو کی تھی قاتل کی تیغ کیا / زخمی ہوں چور چور مرا خوں رواں نہیں
چرچا ہے تیغ ابروئے قاتل کا جس جگہ / جز خون قتل اور سخن درمیاں نہیں
جس کے سبب سے چھوٹ گئے دوستوں سے ہم / ہے ہے ہمارے حال پہ وہ مہرباں نہیں
فرہاد و قیس اُٹھ گئے دُنیا سے کیا ہوا / ان کی جگہ میں ہم ہیں کہ خالی جہاں نہیں
کم سایۂ ہما سے نہیں ہے فروغ شمع / اس کے بھی تن کی قوت بجز استخواں نہیں
سر رکھ ہی دیگا ایک نہ اک روز آفتاب / ایسا بلند یار ترا آستاں نہیں

فرط الم سے تاب سخن کب رہے ہے عشق
آوارہ ہے خیال تو دل میں تواں نہیں

کب حرف شکوہ داغ سا مُہر دہاں نہیں / مانند غنچہ کب ہمہ تن دل زباں نہیں
جز گریۂ مثل طفل ہماری زباں نہیں / کیا درد دل ادا ہو کہ تاب بیاں نہیں
مانوس ہے مہر وہ مدد لسناں نہیں / اور آشنائے صبر کبھی یہ ناتواں نہیں
تاثیر سوزش تپ الفت سے مثل شمع / میرا ہے جسم مغز تمام استخواں نہیں
تاریک و تنگ گرد کدورت سے کب تلک / دل ہے ہمارا یا وہ کچھ سرمہ داں نہیں
زندان دہر میں ہے وہ زنجیر کی صدا / جز نالہ ناتواں کا ترے کچھ نشاں نہیں

منزلیں ہوتی ہیں تیرے لئے مشکل دونوں

مظہرِ کشمکشِ یاس و تمنا میں ہوں — پر بتانا کہ ترے عشق میں کیسا میں ہوں

مطلقاً مجھ کو نہیں اپنے دل و جاں کی خبر — جب سے اے شوخ ترا عاشقِ شیدا میں ہوں

دور ہی اہلِ نظر مانعِ نظارہ نہیں — آئینہ ہے کہ ترا محوِ تماشا میں ہوں

دل اگر سرد ہوا داغ کے مرجھانے سے — عشق کہتا ہے نہ کھا غم حسن آرا میں ہوں

ان کے شکوے کا بھی موقع نہیں ملتا مجھ کو — کیا کروں کشتۂ صد تہمتِ بیجا میں ہوں

قابلِ دید ہے یہ جوشِ بہارِ تازہ — گل ہے سودا ترا اور بلبلِ گویا میں ہوں

وحشتِ شہر دلا یاد رُلاتا ہے جنوں — ہوں تو صحرا میں مگر عابرِ دریا میں ہوں

عارضی گرچہ تعلق دل کا نہیں ہے میرے — نہ رہا صبر تو سرگرمِ مدارا میں ہوں

اپنی قسمت کے لکھے کا کرے کیا کوئی علاج — تختۂ مشق بتا بہرِ اطبا میں ہوں

توڑ کر عہد کبھی تم تو پشیماں ہوتے — سر سے لے تا بقدم شرمِ تقاضا میں ہوں

لطف وہ چند وہ کہتا ہے دہن کا نقطہ — الف اس قد کا جو کہتا ہے کہ یکتا میں ہوں

کچھ نہ سمجھا کہ ہے کیا خوبیِ موزونِ طبعی — بسکہ غارت زدۂ نشۂ انشا میں ہوں

کیا کہوں کس سے کہوں کون ہے سنتا اے عشق

بزم میں ہوں بھی اگر جان کہ تنہا میں ہوں

ہے درد کونسا کہ بیاں میں نہاں نہیں — دل سوز مثلِ شمع ہماری زباں نہیں

یہ کیا غضب ہے گر ترے منہ میں زباں نہیں — ہر دم نہیں نہیں ہے کبھی ایک ہاں نہیں

دوزخ مقام جنتِ عالی مقام ہے — دل میں ہمارے یادِ رخِ گلرخاں نہیں

اسرارِ دل کے کہتا ہوں پردے میں شعر کے
کیا عشق اُس کو سمجھیگا تو رازداں نہیں

بُلبل خزاں میں مر گئی شورِ فغاں نہیں — مجلس عزا کی ہے چمن اور نوحہ خواں نہیں

ملتوی شوق اُس کی طرف کیرواں نہیں — کب نوکِ خامہ مثلِ مژہ خونچکاں نہیں

کیا شوقِ بوسۂ لبِ ساقی ہے دیکھئے — کب مثلِ جامِ بادہ مرے لب پہ جاں نہیں

تابِ نظر کو بیچ کو زلفوں کے دیکھ یار — یہ دودِ آہ سلسلہ جنباں کہاں نہیں

اے دل ہی مانگ اُس کی رہِ کعبۂ صفا — رتبے میں یک خس کے یہاں کہکشاں نہیں

ثابت ہوا تمہارے رخِ پُر فروغ سے — شعلے کو طور کے جو شنا تھا دھواں نہیں

ہو گردِ راہ اُن کی یہ پایا ہوں میں عروج — اُس خاک کی زمین ہے یہ آسماں نہیں

دیکھو جو اُس کو غور سے دل داغ داغ ہو — آئینہ بہار ہے برگِ خزاں نہیں

باغِ جہاں میں گُل پژمردہ ہیں کہ آہ — گلچیں ہمارا کوئی بجز باغباں نہیں

مثلِ ستار نشترِ مژگاں کے شوق میں — باہر ہیں پا میرے دل میں گوں کا نشاں نہیں

جلتا ہوں ہجر میں کہ ہوں فانوس کا چراغ — نزدیک پیرہن سے تنِ ناتواں نہیں

اے شمعِ بزمِ حسن جو دعوت نہ کی تو کیا
پروانہ تیرا عشق ہے کچھ میہماں نہیں

بیجا گلی میں اُس کی یہ شورِ سگاں نہیں — پر کیا کرے دل شکستہ سے دو استخواں نہیں

نزدیک تھا تڑپ کے ہلا دے زمین کو — پاسِ ادب سے دُور ترا ناتواں نہیں

تیرے ہوائے شوق سے محکم ہو نو پھر — مانند بلبلوں کے مرا آشیاں نہیں

دُو دل بسانِ شیشۂ ساعت ہی دو دستو — جز گرد تفرقہ کے کوئی درمیاں نہیں

جو فیض چاہیئے درِ دولت سے دل کیے لے — جز فتح باب کوئی یہاں پاسباں نہیں

خاطر میں اُس کی ضعف سے میں ہی نہ جا سکا — شکوہ فراموشی کا کروں کیا زباں نہیں

جاں کے لیئے بدن کو کیا میں نے خاک عشق
ہونا عزیز کس کو بھلا میہماں نہیں

اصرار یوں نہیں ہے مناسب میاں نہیں — ہم خوب جانتے ہیں کہ تم کو وہاں نہیں

ہاں گر کہو تو ہے جو نہیں یو لو ہاں نہیں — یہ امر آپ کا ہے مرے تن میں جاں نہیں

جو ساتھ ساتھ اپنے وہ سروِ رواں نہیں — قابل نظارہ کرنیکے اب بوستاں نہیں

موجود دہر میں کہیں ہے پر اُس کا نشاں نہیں — جلوے میں جو جمال کہاں ہے کہاں نہیں

تیغِ نگہ سے اُس کا مسخر جہان ہے — لوگ اسیرِ زلف مہِ آسماں نہیں

ہے شوق بس یہی کہ تجھے دیکھتا رہوں — لیکن حجاب دو رکھی ہو یہ گماں نہیں

کھولو جو کان کو تو بنے پُر گہر صدف — ابرِ بہار ہے یہ ہمارا بیاں نہیں

ہیں آبلے کہیں دُرِ مضمونِ آبدار — بے جوہر الغرض مری سیفِ زباں نہیں

سر بیچ بیچ کرتے ہیں سودائے عشق ہم — یہ وہ معاملہ ہے کہ جس میں زیاں نہیں

تجھ سا سدا بہار چمن میں بنا کے پھول — ہاتوں کو اپنے چومتا کیوں باغباں نہیں

سہتے جفائیں ہو تو چلے ہم تمام اور ۔ ہونا تمام اُن کا ابھی امتحاں نہیں

ظاہر ہوئی کشش نہ نمایاں ہوا ہی خم ۔ غمزہ نہیں ہے تیر وہ ابرو کماں نہیں

مسجد کو دیر کو نہ گیا میں تو کیا ہوا ۔ کیا سجدہ گاہِ خلق ترا آستاں نہیں

منہ پھیرتے رقیب ہیں اِس ناتواں سے کیوں ۔ کتوں کا طعمہ پوست نہیں استخواں نہیں

غم تیرا کیا بسا دلِ خانہ خراب میں ۔ دل جسم میں نہیں ہے مہرِ مکینِ جاں نہیں

اُس نے سفر کیا تو ہے جاں پا در رکاب ۔ گلگونِ اشک کی مرے کف میں عناں نہیں

رُونا اُٹھا ہے گھر سے ترے عشق رو کے لے

قابل شنائے بحر کے یہ ناتواں نہیں

مہرو مرا قریں ہے تو خوفِ قراں نہیں ۔ گردش کا تیرے کچھ بھی خیال آسماں نہیں

تیغِ زباں سے اُس کی کسی کو اماں نہیں ۔ اور کیا جوابِ تلخ سے شکر فشاں نہیں

یہ سخت جانی اپنی بھی کچھ رائگاں نہیں ۔ اک دم نہیں جو تیغِ ستم کی فساں نہیں

شوقِ نظارہ میں ہیں ہوئے گھر ہزار اُجاڑ ۔ میں بھی چمن میں ہوں خبرِ آشیاں نہیں

غم تیرا تیرے آنے سے دل سے نکل گیا ۔ سچ کہتے ہیں کہ عیش و خوشی جاوداں نہیں

میں مرتے مرتے ایک نظر تجھ کو دیکھ لوں ۔ ہے شوق دیکھنے کا مجھے فکرِ جاں نہیں

آرام کے خیال کا دل پر جو ہو گذر ۔ کہتا ہے درد دُور کہ خالی مکاں نہیں

یوں چاٹ چاٹ تیغِ زباں کو کرے تیز ۔ لبِ لعل آبدار ہے سنگِ فساں نہیں

رہتا ہے تیر اُس کا دلِ چاک چاک میں ۔ اُس مرغِ تیز پر کا کہیں آشیاں نہیں

اک شب بھی آتے پاس پئے امتحاں نہیں
حسن یقین میرا ہے تم بدگماں نہیں

بے چین یاں کچھ بھی جب مرا آرام جاں نہیں
کیسے کہوں کہ واقف درد نہاں نہیں

نسبت ہمارے بیچ ہے وہی شخص و عکس کی
تیرے سوائے میرا کہیں اب نشاں نہیں

منہ دے نہ آئینہ کو حیا کی بھی شرم رکھ
یہ شوخ دیدہ یار ترا رازداں نہیں

گر چشم آئینہ میں حیا کا نہیں ہے نور
کیوں سرمہ دیتا اس کو ترا آشنا یاں نہیں

قاصد پرا کنفا ہے کہاں شوق میں تیرے
سیلاب اشک ساتھ کب اس کے رواں نہیں

برباد بوئے گل کی طرح کیوں کرے ہے تو
گلزار کا یہ رنگ ہے بلبل فغاں نہیں

فریاد جا خموشی میں ہے گوش و زبان یک
جز غنچہ اس چمن میں مرا ہمزباں نہیں

بیگانہ خوئی آپ کی کافی نہیں ہے کیا
دروازہ پر ضرور سگ پاسباں نہیں

وقت سے ہی ملی ہوئی رنگینی کلام
یہ سنگلاخ دیکھو کم از گلستاں نہیں

میں مانتا ہوں قول کو مومن کے دل سے عشق
"جو فتنہ خیز اب ہے زمیں آسماں نہیں"

کچھ لعل ہی پہ سوز جگر کا گماں نہیں
ہے کون تیرے لب سے جو آتش بجاں نہیں

کیا آگ میرے دل کو جلاتی زباں نہیں
اے جان دل بھی کہنے کی تاب و تواں نہیں

اس شمع بزم حسن کی ہیں دلفروزیاں
پروردۂ دل نہیں مرا آتش بجاں نہیں

مرتا ہزار جان سے تجھ پر ہوں تو بھی آہ
منظور میری زیست تجھے میری جاں نہیں

کس قافلہ کا ہے دل نالاں مرا جرس
گذرا نہ ایک دم جو با آہ و فغاں نہیں

تھا دل غریب معنیٔ بیگانہ ہو گیا — جز بیتِ ابروِ صنم اس کا مکاں نہیں
طاقت نہیں کہ دور کروں دل سے اضطراب — مالک ہے اِس مکان کا وہ میہماں نہیں

اے عشق بس کہ شورِ قیامت بپا ہوا
آواز صور کی سی ہے تیری فغاں نہیں

کب بدۂ خیال میں موئے میاں نہیں — کب ضعفِ دل کا یار میں رازِ نہاں نہیں
دل تھا کہ آئینہ تھا تمہارے خیال کا — ہر چند ڈھونڈھتا ہوں پر اُس کا نشاں نہیں
میں دردِ دل چھپانے کا حاصل کہوں کہ کیا — کر دیگا یہ تبسّمِ پنہاں عیاں نہیں
مُنہ کو چھپا کے ہوتے ہو تم کیوں کنارہ گیر — بوس و کنار کا تو سخن درمیاں نہیں
لے اب غبار میری بنی پردہ دار ہے — خوفِ نظر کسی سے تجھے آسماں نہیں
دشمن بھی ترس کھانے لگے حال پر مرے — ممنوں ہیں تمہارا کیا ہی دوستاں نہیں
جو ہر نہیں یقیں یہ رکھتے ہیں ماہرو — کب تجھ سے آئینہ یہ کناں کا گماں نہیں
ہستی عدم میں رہنے کی تکرار کس لئے — دیتے گواہی کیا ترے لاؤ وہاں نہیں
اک سطرِ خون ہے ہے لکھا عرضِ حالِ دل — اے یار دیکھ نالۂ آتش فشاں نہیں

سرچشمۂ حیات کی ہے موج دلربا
ابرو تمہاری تیغ نہیں اور کماں نہیں

محوِ خموشی کہیے تو کس وقت ہم نہیں — یہ بھی زیادہ گوئی ہے سمجھو کہ کم نہیں
کہتے ہیں گرچہ عاشقِ حیران ہے ہم نہیں — آئینہ دارِ شرم مگر کب قسم نہیں

گر جاں گئی تو اُس کی جگہ شوق ہی ترا — کب ملکِ دل میں اس کی حکومت رواں نہیں

غالب کی طرز پر بھی سنا دے کوئی غزل
کیا عشق تو دلیلِ رہِ شاعراں نہیں

ہاں آشنا اثر سے یہ شور و فغاں نہیں — لفظِ کہن میں معنیٔ تازہ سے جاں نہیں
ہر دم ہے تیری یاد میں پاسِ نفس مجھے — نزدیک تجھ سے دور ترا پاسباں نہیں
جور و ستم سے تیرے ہوں ممتاز خلق میں — خلعت یہ فخر کی ہے ترا امتحاں نہیں
مجھ کو خفیف کر کے نہ بچاؤ بار بار — جو بار دو گے تم سو وہ دل پر گراں نہیں
ہر لفظ ایک بحر ہے ہر معنی ایک کان — خاطر میں نکتہ سنجوں کے کچھ بحر و کاں نہیں
گردش جو دیکھ لی تھی اُن آنکھوں کی ایک بار — چکر سے چین پایا ابھی آسماں نہیں

اور اک غزل کے سننے کا ہی شوق دل کو عشق
میں بھی تو شعر فہم ہوں کیا قدر داں نہیں

ہم سے ہوا سلوک جو تم پر نہاں نہیں — کب ذکرِ خیر آپ کا وردِ زباں نہیں
جب جائے دل کی کوچۂ زلفِ بتاں نہیں — ہے مرغِ پر شکستہ جسے آشیاں نہیں
اپنا مکان خاص تو جز لامکاں نہیں — ہے یہ بھی اک نشان کہ تھا کچھ نشاں نہیں
سودا یہ سود کا ہے سراسر زیاں نہیں — کب گرم اس کسادی میں میری دکاں نہیں
رہتا تھا دل میں درد گیا اس کو چھوڑ دل — کیا طرفہ ماجرا ہے مکیں ہے مکاں نہیں
زاہد تو نیک اور رِندوں بد میں جو دیکھئے — آپس میں غیرِ فرق عیاں و نہاں نہیں

بجھوکے اس نے آپ کے کھاتے ہیں داغ کیا
بیدانہ ہے یہ دام ولے بیدِ رم نہیں

ناصح کا قول مانتے مرا دل کہاں کی بات
میری کبھی تو کچھ بھی موثر قسم نہیں

ہستی ہماری جستجوِ فنا میں بسر رہی
اک دم نہیں کہ گردِ طریقِ عدم نہیں

یوں لفر و زیتری طلب ہے تو کون ہے
جوں شمع گرمِ راہ جو سر تا قدم نہیں

دکھلائے پر بھی چہرے کو بیمار کیسے ترے
حیرت ہے چشم آئینہ میں کچھ بھی نم نہیں

فکرِ جوابِ نامہ کھپاتی ہے جان کیا
کیا کیجے اپنے ہاتھ میں اُن کا قلم نہیں

اک سادہ دل کے صفحہ سے روشن سواد ہوں
جوہر کا بھی اس آئینہ میں کچھ رقم نہیں

کیا ماہِ نو کو ہمسری ابروئے یار سے
جب آسمانِ تازہ ادا اس کا خم نہیں

سودا نہ ہوگا دل کبھی سودا یہ چھوڑ دے
بازارِ حسن میں تو کہیں قدرِ غم نہیں

مومن کی جان تازہ اگر ہو اسی سے ہو
روح القدس سے عشق ترا نالہ کم نہیں

اب دل میں دین و کفر سے شادی و غم نہیں
بیت الحرام کب ہے جو بیت الصنم نہیں

کب اس پری سے آپ بھلا متہم نہیں
کیا مجھ سے ملنے حیلہ بھی مغتنم نہیں

بایکدگر ہو خوش کہ ہوئیں کبھی ستم ظریف
عینِ کرم ہے مجھ پہ یہ تیرا ستم نہیں

دل سے ہمارے اُن کا دہن تنگ ہے بہت
غم سے ہمارے اُن کا تبسم بھی کم نہیں

خورشید رو وہ آگیا رونے کو میرے پاس
حیران ہو کہ دیدۂ خونبار نم نہیں

مر مر کے جی گئے ہیں بہت اُس کے شوق میں
آبِ حیات لب ہے ترا یار سم نہیں

ہنستا ہوں دیکھ دیکھ کے میں اُن کو کہ غم نہیں
کیا صورت اُن کی غیرتِ باغِ ارم نہیں

مجھ سے تو حال بھی نہ لکھا جائیگا کبھی
اُس سادہ رُو کا عشق ہی شوقِ رقم نہیں

فرطِ غرورِ حسن و نزاکت سے کہتے ہیں
ہم سرگراں نہیں ہیں کہ گردن میں خم نہیں

میں جانتا ہوں پیاسے مرے خون کے ہو تم
کیوں بے محابا چھوڑتے کھانا قسم نہیں

دلبر کا اپنے شکر ادا کس زباں سے ہو
وہ دل نہیں ہے سینہ میں وہ دردو غم نہیں

جب سے کہ پاس کا دلِ وارفتہ رام ہے
اس کو کسی سے پھر بجز آرام رم نہیں

بیدم سمجھ کے مجھ کو تو دم دیتے ہی رہے
دم بھر تا اُنکا کب میں رہا دمبدم نہیں

حاصل مرادِ مے کے پیالے سے ہے تمام
کچھ غم نہیں میسّر اگر جامِ جم نہیں

قائم مقام عشق کا جز غم نہیں کوئی
سر تا قدم جو ہم ہی رہے ہم تو ہم نہیں

اے شاہِ حسن ناز ہے کیا مجھ فقیر پر
محتاج کا غنی پہ کہو کب کرم نہیں

آنسو کے بدلے آنکھ سے حسرت ٹپکتی ہے
دریائے اشتیاق میں دیکھو کہ نم نہیں

کیونکر ہے اپنا شیشۂ ناموس چور چور
اُس طفل کے تو ہاتھ میں سنگِ ستم نہیں

کیا داغِ دل کی عشق کہوں نور باریاں
ایسا کوئی چراغ بدیر و حرم نہیں

اُن کے کرم سے کیا کہیں آگاہ ہم نہیں
اتنا تو جانتے ہیں ستم پہ ستم نہیں

کیا کیا دل اور جان پہ رنج و الم نہیں
گر اُن کی ہے اسی میں خوشی کچھ بھی غم نہیں

کس کی نگہ سے لشکرِ غم بے نشان ہے
پرچم نہیں ہے شعلے کا نالہ علم نہیں

داغ باغ مراد تازہ ہے — گل دائم بہار رکھتے ہیں
تجھ سے حاصل ہوا یہی اے گل — دل میں اک خار خار رکھتے ہیں
تو بھی کچھ سن لے ہم غریبوں کی — خواہش امیدوار رکھتے ہیں
ایک قول و قرار سب کیا ہیں — ہم نشیں برقرار رکھتے ہیں
دل خرم نہیں ہے سینہ میں — داغ اک یادگار رکھتے ہیں
قہر کے تم وہ ہو یں آڑا دیتے — گیسوئے تابدار رکھتے ہیں
کون سنتا ہے کیا کہیں ہر دم — نالۂ زار زار رکھتے ہیں
پرورش نفس کی نہیں بیکار — سنگ یہ بہر شکار رکھتے ہیں
اک لچک بس ہے جان لینے کو — کیوں کمر میں کٹار رکھتے ہیں
کیوں بُرے مجھ سے ہونے ہوشیار — تم تو خوبی ہزار رکھتے ہیں
اس چمن میں جو پھرتے ہیں دلبر — بار اک بار بار رکھتے ہیں
کیا فدا جو سخن کریں تجھ پر — یہی بہر نثار رکھتے ہیں
بیوفائی تری رہے کب تک — ہم وفا پایدار رکھتے ہیں

عشق کے جو اسد علی[1] خاں ہیں
منت بے شمار رکھتے ہیں

ہے شوق لب کا ترے جس کے دیدۂ تر کو — سلام تشنگی کرتی ہے اس کی کوثر کو

---

[1] حیدرآباد کے ایک قدیم متعبدار جو مصنف کے کلام کے بے حد قدردان تھے۔ ۱۲

عاشق کا تیرے نام و نشاں تک بھی مٹ گیا — لوحِ مزار پر بھی رہا کچھ رقم نہیں

طاقِ مزار ساتھ لیے پھرتے ہیں ضعیف — کچھ پشت اُن کی بارِ تعلق سے کم نہیں

دیکھا فنائے عشق میں جب ہے بقائے حسن
ہوں نیستیٔ ہست کہ ہستی عدم نہیں

ہے یوں ستم کا شوق جو تم کو تو غم نہیں — غصہ کے بدلے غم ہی رہے دل میں ہم نہیں

رونا یہ اپنا دیکھو تو ہنسنے سے کم نہیں — غم کی خوشی سے پھولے ہیں دیدۂ نم نہیں

گالی نہ بددعا نہ مرے سر کی ہے قسم — کیا ہو گیا قصور کہ مجھ پر کرم نہیں

گر حکم ہو تو سر سے بھی اُٹھ جاؤں گا ابھی — پر کیا کروں کہ ضعف سے اُٹھتا قدم نہیں

غم ہے تپش ہے درد ہے حسرت ہے سوز ہے — سب کچھ وہی ہے مجھ میں مگر ایک دم نہیں

اُس لعل لب کے تلخ جوابوں پہ غش ہوں میں — ہے بانمک شراب مگر کیف کم نہیں

تحریرِ شوق دیکھ کے گر وہ ہوئے ہیں تیز — کر جاتے آ کے ہاتھ مرا کیوں قلم نہیں

سو عافیت ہے اک نہیں میں "نہیں" نہ چھوڑ
آغازِ عشق ہے ابھی بالختم نہیں

ہم جو جسمِ نزار رکھتے ہیں — جانِ امیدوار رکھتے ہیں

سب فسوں گو ہزار رکھتے ہیں — پیچِ کاکل کے مار رکھتے ہیں

تیری آنکھوں کے شوق میں ہم تو — سر ہے جب سے خمار رکھتے ہیں

دل میں تاب و تواں نہیں باقی — حسرتِ انتظار رکھتے ہیں

نہ بند اُس کو کرو دم بھی مجھ پہ کرنے دو | تم اپنا جان لیے لب مسیح نفسوں گر کو

غمِ فراق ہے طوفاں تو صبرِ دل کیا ہے | یہ موجِ اشک بہا لے چلی ہے لنگر کو

سبھی ہیں بزم میں غش کس ادا سے چلتا ہے | ملے جو ہاتھ سے ساقی کے پاؤں ساغر کو

دو لب ہیں اُن کے ہوا اسیرِ دو جہاں میں | نہ چاہوں آبِ حیات اور آبِ کوثر کو

بغیر ذکرِ غمِ عشق یہ نہیں لگتا | الٰہی کیا کروں میں اس دلِ مکدر کو

سلوکِ شوق میں اب مجھکو عشق لازم ہے
بسانِ خامہ چلوں راہ پاؤں کر سر کو

بیان کیا کروں میں اپنے حالِ ابتر کو | کہ دل تو کھو چکا دیکھا نہیں ہوں دلبر کو

کیا ہے آئینہ بیمار تیرا بستر کو | تری ہوا میں بس اب دم ہی اسکا دم بھر کو

تڑپ یہ میری بچھونوں کو کب سُلا دیگی | تمام فرشِ زمیں بس نہیں ہے بستر کو

گیا جو دل تو یہ رو دے کہ چشم کھو بیٹھے | الٰہی روئیں ہم اب کیسا دیدۂ تر کو

نظر سے بچ کے مری آنکھ میں ہیں آ بیٹھے | میں اپنی آنکھ کہوں کیسے اُن کے منظر کو

وہ شوخ دیدہ معالج ہوا نرا بیدل | گڑا ہی دیگا رگِ جاں میں بھی نشتر کو

نہیں یہ کھلتا کہ کب شوق آزمانا ہے | کسی کی بندشِ در سے کسی کی ٹھوکر کو

نہیں ہے درد کہ دل میں وفا ہی جلتی ہے | ہے بوئے عود سے بھی ننگ اپنے مجمر کو

سیا جو جیب تیرے پھر کام ہوگا سینہ کا | ہے یاد پوچھو تو جرّاحی بھی رفوگر کو

انہیں کے میں بھی تو ہر دم جبیں پہ پڑا ہو | ہے قمر بادنی کا دعویٰ یہ جن کی ٹھوکر کو

ہُوا ہے بارِ تن اب سر کو میں پٹکتا ہوں — گیا نہ راہ میں اُس کی تو کیا کروں سر کو

جگر سے لب تلک آگ لگ اٹھی اب تو — لگا دے مُنہ سے مرے ساقیا تو ساغر کو

غضب ہے بات مری دل کی دل میں رہ جائے — رسائی گوش تلک اُس شوخ کے ہو گوہر کو

تباہ حال مرا دیکھ خلق روتی ہے — نہ آیا رحم کبھی آہ اُس ستمگر کو

جو موجزن تھا شبِ ہجر اشک کا دریا — گرایا آنکھ سے کیا کیا نہ ہم نے اختر کو

تمہاری راہ میں دیکھوں بھلا سبب کیا ہے — نہ جھپکی آنکھ مری دیکھتا رہا در کو

سمجھ کے شوق میں اک موجِ چشمۂ کوثر — لگا لوں اپنے گلے سے میں اُس کے خنجر کو

پڑا ہوں ضعف میں اُس بن یہ کیا جلاتا ہے — خدا کرے کہ لگے آگ ایسے بستر کو

لکھونگا شوق میں وہ نامدار اب باتیں — کہ سمجھے سلکِ گہر بار خطِ مسطر کو

کہاں ہے حال کہ سنئے تمہارا قالِ عشق
خدا کے واسطے کھولو نہ اپنے دفتر کو

کہاں کا چین کدھر نیند تیرے مضطر کو — کہ دے چکا ہے سب آرام اُس نے بستر کو

غضب ہے پیری میں یہ داغِ عشق دل آرہ — چھپاوے روئی میں کس طرح کوئی اخگر کو

سبھوں کو اُس پہ گماں ہو گا دیدۂ تر کا — دکھاؤں داغ جو میں آفتابِ محشر کو

ہوائے شوق میں اُڑتی ہے حسرتِ پرواز — جو بند ہوں میں قفس میں تو کیا کروں پر کو

رلاتا میرا ہنسی سے نہیں تمہیں منظور — نکال دانت نہ غلطاں کیجے گوہر کو

بغیر شربتِ دیدار کیا تشفی ہو — ہے کیا تشنہ ترا دیکھ دیدۂ تر کو

رقیب ہوں کہ ترے اقربا ہوں کیا پروا
کیا ہے میں نے تو اب دور دل سے سب ڈر کو

ہوائے مہر میں ہر ذرّہ کیا چمکتا ہے
نہیں خیال تو کیا ہے تجھے بندہ پرور کو

شبِ فراق مرے داغ کیا فروزاں تھے
کہ اب دیکھنے کی بھی نہیں تھی اختر کو

ہیں پاؤں سوتے تری جستجو میں پھر پھر کے
ہے کوئی رہ پہ جو پہچانے پاؤں سے سر کو

ہلالِ عید کا دھوکا ہوا مجھے ناگاہ
جو دیکھا ہاتھ میں قاتل ترے میں خنجر کو

گذار راہِ طلب کیوں نہ ہو مجھے آساں
جو ساتھ اپنے رکھوں شوق سے میں رہبر کو

جلالِ پیرِ مغاں دیکھو جس کے ابر پر
سوال کا بھی نہیں ہے مجال قیصر کو

غبارِ دل کا مرے گفتگو سے ظاہر ہے
ملایا خاک میں کیا میں بھی آبِ گوہر کو

لکھے گا خط کوئی اب صاف عشق کو شاید
پھر اور کیا کرے حسن اس کا مشک و عنبر کو

کرے گا زیر و زبر عشق دل کے کشور کو
کہ لایا ساتھ غم و درد سے ہی لشکر کو

نہ ہوگا پیاسا مرے دل کے خون کا شاید
کہ پی گیا وہ لبِ لعل آبِ گوہر کو

اسی شکاری کی طرزِ ستم کا مارا ہوں
جو چھوڑ دیتا ہے کر زخمی صیدِ لاغر کو

سمایا سر میں مرے آج کل یہ سودا ہے
کہ یاد بھی نکروں دل کو اور دلبر کو

فلک سے کام لیا عاشقی میں عالم نے
کہ وہ ضرور تھا اس بحر میں شناور کو

شرابِ عشق سے کیا میرا فہم خوب ہوا
کہ محض خیر سمجھنا پڑا ہے ہر شر کو

ہیں واعظ اب کے یہ مصروف امر بالمعروف
کہ مطلقاً ہیں گئے بھول نہی منکر کو

نہیں ہے شک کہ تیرے شوق میں دیدۂ تر　　کریگا دامنِ پُر گل کنارِ محشر کو

نچا نوں عشق کہ یوں خارِ دیدۂ مردم
کیا ہے شوق نے کس گل کے جسم لاغر کو

سکھایا کون یہ تیوری چڑھانا دلبر کو　　دکھاتا آئینہ رُو سے ہے وہ جوہر کو
نچا نوں ہوئیگی آخر برابری کیونکر　　تمہارے ناز سے مجھ خاک سے برابر کو
اُسی نے بے سر و پا کر دیا ہے مجھ کو آہ　　میں جانتا تھا دلِ خود پسند خودسر کو
فلک کو دیکھ رہی ہیں کہ کب پھراتی ہے　　تمہاری چشم کی گردش ہمارے چکر کو
ہمیشہ سنتا ہے فریاد العطش میری　　دکھاتا دُور سے مجھ کو فلک ہی ساغر کو
ہم اپنا دشمنِ جاں کر چکے تری خاطر　　دلِ شفیق و رفیق اپنے یارِ یاور کو
فدا ہے رتبۂ عاشق کہ پائے بلبل پر　　نثار کرتا ہے معشوقِ گل سر و زر کو
امیدوار ہیں سکی جو دل سے کھینچوں آہ　　بلند دیکھئے اک شاخ نخلِ بے بر کو
ہوائے شوق میں اس بام کے ہی اڑتا دل　　حرم ہے سمجھے تھے ہم واہ اسی کبوتر کو
وہ شمع رُو ہے مرے سوزِ دل سے بہرہ مضموں　　کہ ایک بُت نہ ملا ہوگا ایسا آذر کو

جلایا دل نو رُلائے گا شوق مجھ کو عشق
ضرور آپ ہے جب آگ لگ چکے گھر کو

دیا گیا تھا مرا نامہ کب کبوتر کو　　کہ کر دیا نہو پروانہ اسکے ہر پر کو
پسند آنا مرے پاس گر نہیں اُس کو　　بلا تو لیوے مجھے یار اپنے ہی گھر کو

جگہ تو دل میں ہی دی اُس بُتِ ستمگر کو
اُتارا شیشہ میں کیا تو نے عشق پیکر کو

شکستہ رنگ بھی چہرے سے اُڑ چلا میرے
کیا ہوں لا مہ بر اپنا میں مرغِ بے پر کو

پھپھولے ہجر کے دل میں پڑے قدم سے مرے
نثارِ دامنِ صحرا کیا یہ گوہر کو

تمہارے کان کے موتی کو دیکھ حیراں ہوں
کہ ساتھ مہر کے دیکھا نہ تھا میں اختر کو

ہیں رنگِ زرد سے اپنے ہوا بہت حیراں
اثر اُڑا لے کا کیا کیا ملا یہ کیسر[۱] کو

جلا کے سوزِ دروں اس کو آہ راکھ کرے
رکھے نہ دیدۂ تر نم جو میرے بستر کو

دمِ اخیر یہی آرزو ہے عاشق کی
اُڑا دے ہاتھ سے اپنے تو اُس پہ چادر کو

وہی تماشا دکھاویگا ہجر مجھ کو آہ
دکھایا اُس نے جو یعقوبؑ سے پیمبر کو

سیاہ کاریٔ ہجراں میں کیا کہوں تم سے
سپید دیکھے ہے آنکھوں کو اور مرے سر کو

خدانخواستہ حاصل اگر نہ ہو دیدار
شبِ فراق ہی سمجھونگا روزِ محشر کو

سُنا ہے تم نے کسی سے اگر سخن اچھا
سُنا ہی دیگا سنو عشق اُس سے بہتر کو

دکھاؤں آئینۂ چشم کے جو جوہر کو
تو کر دوں بحرِ ندامت میں غرق اختر کو

وہ گھر تھا آئینہ جس سے کیا ہے باہر کو
نظر میں بن کے چلا جاؤں کاش اندر کو

ابھی میں چھوڑ کے دنیا فقیر ہو جاؤں
جو اُس گلی میں ہو ممکن بچھانا بستر کو

گلی میں اُس کی چلا ہوں ہیں بد کا کھٹکا
پہ ڈر یہی ہے کہ کھانا پڑے نہ پتھر کو

---

[۱] ۔ زعفران ۔ ۱۲

سلوک و سنت و توحید کا بیاں مفقود — کہ قصہ خوانوں نے رکھا ہے داب منبر کو
جو نکلا نالہ مرا لختِ دل ہی لے نکلا — نہ دیکھا ہوگا فلک ایسے تیر اور پر کو

قطعہ

ہے نیزہ باز سپاہی مرا دلِ نالاں — کہ ساتھ رکھتا ہے تیر و تفنگ و خنجر کو
مگر جگر ہی پہ ہے صرف سب ہنر اس کا — کروں سو کیا نہ ہوں پیٹتا جو میں سر کو

سناتا عشق میں احوال اپنا ہوں ہر دم
نیا ہے دیکھئے اس قصۂ مکرر کو

مقام دل نے کیا اپنا دیدۂ تر کو — ہوا پسند سمندر بھلا سمندر کو
جو خونِ دل سے مرے اُن کے لب کو نسبت ہے — کہاں یہ ربط میسر ہو شیر و شکر کو
سوال دل میں یہاں لب پہ ہے جوابِ ہاں — الٰہی کیا کرے ایسے کوئی مقدر کو
بھلا یہ سنگِ درِ یار کیوں نہیں ہوتا — کہ اپنے درد کی بھی اب خبر نہیں سر کو
شکستہ پا ہوا ہوں رنگِ نالۂ بلبل — کہ بوئے گل سے لیا مستعار شہپر کو
نہ قتل ہونے میں انکار ہے نہ کچھ دعویٰ — قبول کرلے جو قاتل ہی میرے محضر کو
جہاں سیاہ نظر مجھ کو آرہا ہے اب — کرم سے جلد دکھا دو رخِ منور کو
ہزار شکر کہ دل ہے غنیِ بدولتِ فقر — فراغت ایسی کہاں ہے کسی تونگر کو
بروزِ حشر بہت گرم ہو رہے خورشید — کروں گا چادرِ سر اپنے دامنِ تر کو

وہ آبِ چشمۂ حیوان سے سیر ہوگا عشقؔ
دکھاؤں آئینۂ شعر اگر سکندر کو

عبارت اس کی اگر خط سے خوب ہو ایجاں — تو خوش رقم ہے کہو لعل روح پرور کو
اسی کے دل میں پتا ملگیا ترا آخر — جو چھان مارا تری جستجو میں گھر گھر کو
اگرچہ شوق میں تیرے ہوا ہوں بے سر و پا — عوض میں سر کے قدم کے رکھا ہوں چکر کو

گہر کے لعل کے طالب ہیں جو ہری عشق
نہ پڑ لے آنکھ میں ان کی دے اپنی کنکر کو

کسی کو آنے نہ دوں دیکھ لے ترے گھر کو — سمجھ نہ حلقۂ در مجھ سے چشم بر در کو
یہ خامشی کا ہے اعجاز لعل دلبر کو — کہ ہونے دے نہ کبھی دو کسی سخنور کو
بہت سمجھ کے کرو تم اشارۂ ابرو — گلے یہ اپنے کوئی پھیر لے نہ خنجر کو
ہوا کسی کا نہ دل سوزہ بت بیدرد — کسی نے آگ سے خالی کبھی دیکھا پتھر کو
نہیں ہے خوف جو تجھ کو زمین آسماں ہو تنگ — کہ امن اپنا سمجھتا ہوں دل ترے ڈر کو
نزاکت اپنی سمجھ کی سوا ہے شیشہ سے — میں خون دل ہوں سمجھتا شراب احمر کو
کیا ہے غم مرے سینہ کو صفحہ سر مشق — کہ پسلیوں سے مرے دیکھا اس نے مسطر کو
جو قد یار کو دیتے ہیں اس سے ہم تشبیہ — تو کیوں نہ فخر سزا وار ہو صنوبر کو
عزیز و حال میں بس چھوڑ دو مرے مجھ کو — کہ دو جہاں سے نہیں کام کچھ قلندر کو
تری ہوا میں بھڑکتا ہے دل بہت میرا — فروغ کیا رہے ایجاں چراغ مضطر کو
ہے شش جہت سے نمودار جلوۂ دیدار — یہی ہے سوچ کہ اب منہ کروں میں کیدھر کو

تبھی تو عشق ہیں مضمون شوخ سب تیرے

گلی میں اُس کی جو آسودہ رہنے بھی نہ دیا — ہماری خاک سے کیا دشمنی تھی صرصر کو
کبھی نہ سیرِ چمن کا وہ پھر خیال کرے — نسیم دیکھے جو اُس مجلسِ معطر کو
حسین سارے ہیں محتاج گرچہ زیور کے — یہ زیب تجھ سے ہے سارے لباس و زیور کو
کسی کو دیر و حرم کی خبر نہ تھی تب سے — ہوا ہے سودا ترے سجدہ کا مرے سر کو
ہے نالہ میرا بھی اے ماہرو کوئی طوفاں — یہ لائے جوش میں کیا کیا نہ بحرِ اخضر کو
ہے عدل عشق کا اس چشم سے مرے دل سے — بہم جو دیکھتے ہیں باز اور کبوتر کو
شکر کو مشک کو اس سے نہیں ہے کچھ نسبت — دکھا دو شعر مرا زلف و لعلِ دلبر کو

وہ آکے عشق نہ پھر جائے لے خبر میری
ادھر اُدھر ہے تو کیوں پھرتا چھوڑ کر گھر کو

گئے ہو بھول بہت دن سے آپ کمتر کو — کروں ہوں یاد میں اس بازو بد اختر کو
سرِ غرور بہت کچھ تھا دیدۂ تر کو — قدم سے اپنے ہی پایا ہوں اُس کے ہمسر کو
کرم کرو تو اسی دم ہو میری جاں بخشی — نہ بھولو بہرِ خدا ہر دمِ مقرر کو
ہمارے دل کو تو اپنا کیا ہے تو ظالم — خراب اور نہ کر کشورِ مسخر کو
تری تو راہ میں پتھر نہ تھا کوئی حائل — یہ میں قدم کے تلے دیکھا اپنے ہی سر کو
میں سخت جاں ہوں فلک تجھ کو چاہئے کی قسم — نہ جانے دے مرے سر سے ایک پتھر کو
مریضِ عشق کا ہر دم ہے مختلف احوال — کہ ایک حال سے نسبت نہیں ہے دیگر کو
نکالتا ہے وہ مطلب کی اپنی بات سے بات — میں نیک ظن کروں کس طور ایسے بد بر کو

کہیں مانع تجلی کا حجاب ناز ہوتا ہے — جو ڈھانپا منہ کو تم نے تو نہایت خوشنما ٹھہرے

بہت ناصح پھرا سر کہیں میں آن سے تیار ہو — تیقن جب ہوا دل کو کہاں پھر وسوسا ٹھہرے

نہیں جانا گلی سے ان کی اپنا بے سبب کب ہے — نہیں کھوئے تجھے دل کو ہم اس کا کھوج پا ٹھہرے

خیال آیا تھا رونے میں مگر کچھ ان کے ہنسنے کا — کہ سارے قطرہائے اشک موتی بے بہا ٹھہرے

تمہارے دیکھنے کا شوق ان کو یہ ہوا دیکھو — کہ جاں و دل ہمارے دونوں آپ کھو کے نہیں آ ٹھہرے

خوشی سے ہم تمہارے گھر میں آتے ہیں جاتے ہیں — مبادا پھر جنون عشق ہی زنجیر پا ٹھہرے

تمہارا بیٹھنا اٹھنا نہیں بیکار چلنا بھی — اٹھے دلبر رہے دلدہ چلے تو دلربا ٹھہرے

کہے جاتا ہوں[۱] تو میں نے بھی ایسی بیقراری کی — تماشا دیکھتے حیران بیچون و چرا ٹھہرے

نہیں جب بد ہی کب عید سے ہم شاد ہوتے ہیں — ہزار آوے اگر نوروز تو غم کا دما ٹھہرے

تو ہم دربدر پھر پھر کے ہوئے بیزار کیا حاصل — کفیل مطلب دل اب ہمارا بس خدا ٹھہرے

ہماری کیا حقیقت رات دن دیکھو مہ و خورشید — اسی کے آستاں پر سر بسر ہیں جبہ سا ٹھہرے

مکاں آرام کا سمجھا تھا میں نے خانۂ دل کو — نہ تھا ہرگز گماں آخر کو یہ ماتم سرا ٹھہرے

نہ ہو بے یار ہم سے گفتگو خاموش بیٹھے ہیں — نہ ہووے جب چمن میں گل تو بلبل بے صدا ٹھہرے

یہ کس کے ملنے کا ہے فیض حیراں ہیں نہیں معلوم — کہ بالکل ہو گئے بیخود آپ سے ہم یوں جدا ٹھہرے

نہ جا سکتے ہیں سامنے ان کے نہ ان کو روک سکتے ہیں — انہیں کی مہربانی ہے جو ہم بے دست و پا ٹھہرے

شراب حسن سے سرشار کب تک یوں ہی رہو بس — کہ ہم بھی ہوش میں آویں تمہارا اگر نشا ٹھہرے

۱؎ : یعنے اس نے کہا کہ میں جاتا ہوں تو میں نے ایسی بے قراری کی۔ یہ اس وقت کی زبان ہے ۔ ۱۲

کہ خونِ دل سے دیا رنگ میں نے ہر ہر کو

کیا ہو گیا ہے جذبِ دلِ بیقرار کو — لایا نہ کھینچ گھر مرے اب تک جو یار کو

ہے ربط چشمِ تر سے دلِ داغدار کو — ہاں بر یہی ضرور ہے اس نو بہار کو

میں کیا کروں یہ جان و دلِ بیقرار کو — منظور جب جلانا ہی ٹھہرا ہے یار کو

حاجت بھی روشنی کی تری راہ دیکھتے — میں نے چراغ جان لیا انتظار کو

اے دل اگرچہ ہے گلِ بیخار وہ جمال — کیا جانتا نہیں ہے ترے خار خار کو

پھولا یہ کس کا جلوہ برنگِ بہار واہ — نکہت چمن کی کرتا ہے میرے غبار کو

ٹھنڈا کلیجہ اشک سے کرتے ہیں زندہ دل — آبِ حیات جانتے ہیں اس شرار کو

پھندے تعلقات کے بیکار رہ گئے — آزادی دام چاہیئے تیرے شکار کو

دل دیدے میرے گر نہ جلیں ہجر میں ترے — شمع و چراغ کیا رہے شبہائے تار کو

دل داغ سے جلا تو جلے داغ دل سے آہ
خالی ہی دیکھنا ہو نہیں جیب و کنار کو

توکل گر جہازِ دل کا اپنے ناخدا ٹھہرے — تو پھر بادِ مخالف بھی موافق سی ہوا ٹھہرے

برآمد ہو گئے پامال حال انکار یا ٹھہرے — نہ ٹھہرے پر نہ ٹھہرے گرچہ با تاج و لوا ٹھہرے

اگر گرمی کی رو سے کچھ بھی انکا بادیا ٹھہرے — تو پھر دو دو قدم پر دیکھنے تھک کر ہوا ٹھہرے

عبث کیوں دل لگا کر ان سے کوئی یوں برا ٹھہرے — بہت اچھا ہوا گر وہ جو ایسے بیوفا ٹھہرے

نگہ آفت قیامت قامت اور کاکل بلا ٹھہرے — تمہارے سایہ کے آگے پری ہو تو کیا ٹھہرے

اسی خواہش میں ہے اک گل مید دم ہیچو نفس مجھے
کہ ہم بھی بھیجیں کچھ پیغام گر پیک صبا ٹھہرے

مبادا حیلہ گر وہ حرف کچھ رکھتے اسی پر بس
کہو قاصد سے میرا حال سب اس کو سنا ٹھہرے

ہمیں دیدار حاصل تشنۂ دیدار کو یا رب
شب ہجراں پھر اس کے حق میں کیوں وزجرا ٹھہرے

اگر فریاد و نالہ سے ہمیں بیزار ظاہر ہے
گلا بیٹھے ہمارا جب تو کیا انکا گلہ ٹھہرے

طریق عشق کے سب لکوں کو میں نے دیکھا ہے
گئے چل ابتدا میں کچھ تو پھر لے انتہا ٹھہرے

کروں توبہ و استغفار میں بھی شیخ جی لیکن
کہو کیا ہو اسی جب تک پر لطف ہوا ٹھہرے

برا لگتا ہے قول حق سو حق میں بعد کہتا ہوں
بھلا میری نظر میں کچھ بھی پہلے پا سوا ٹھہرے

اڑا دیں خاک سر پر پھر نہ کیوں ایسے نصیبوں سے
غبار دل میں ان کے ہم کہ جنکی خاک پا ٹھہرے

بہت گردش میں سرگرداں رہے ہم عشق کیا کہ
نہ پہنچے در تک اس مہ کے جو طالع نارسا ٹھہرے

اگر کنج قناعت میں بقیہ بے ریا ٹھہرے
یقیں با شوکت و شان و شکوہ کبریا ٹھہرے

بتوں سے دل لگا کر جو گنہگار خدا ٹھہرے
سزاوار ان کی تعزیر کے جدا ٹھہرے جدا ٹھہرے

کہاں صبح و مسا ایسے کہو اے مہ لقا ٹھہرے
تمہاری انتظاری میں تو ہم صبح و مسا ٹھہرے

دعا گویوں میں ان کے سر بسر اہل دعا ٹھہرے
وفا کی تھی جو ہم نے سو سزاوار جفا ٹھہرے

کہاں تک مدعی جاں کا دل جنگ آزما ٹھہرے
میں حیراں ہوں کہ اس کا کچھ بھی آخر مدعا ٹھہرے

حنا کے رنگ سے ہر چند تھے آتش بپا ٹھہرے
بہت منت جو کی ہیں نے خفا ہو کر ذرا ٹھہرے

تمہارا زہر سے ہر دم مقدر تو مرتے ہیں
ادا کوئی تمہاری جان من اپنی قضا ٹھہرے

مخالف ہے موافق کا لیا کرتے ہیں خوباں کام
چراغِ گل کا روغن سر بسر آبِ ہوا ٹھہرے

یہ بزمِ عشرتِ عشق جہاں آشوب ہے یارو
نہو ہر دم یہاں جو رقصِ بسمل کیا مزا ٹھہرے

اسی بس بیقراری میں عزیزو کیا بھلا ٹھہرے
نہ پایا چین اک لحظہ کبھی یہ ٹھہرے تو کیا ٹھہرے

یہ کیا قہر و غضب ہے جسکے ہم یوں مبتلا ٹھہرے
کہیں ٹھہرو جو اُن کو تو کہیں میری بلا ٹھہرے

نہ ہم پوشیدہ جا سکتے نہ وہ دزدیدہ آتے ہیں
ہوئی تدبیر مشکل اب کہ عاشق برملا ٹھہرے

کوئی دم کے ہیں مہماں ہم شتابی سے بتا دو
ذرا ٹھہرے ذرا ٹھہرے ذرا ٹھہرے ذرا ٹھہرے

دکھا صورت کو اپنی رونما مجھ سے نہ مانگو تم
مری آنکھوں میں دیکھو اپنے آپ ہی رونما ٹھہرے

عجب مشکل کی صحبت ہے کہ کچھ بھی بس نہیں چلتا
ادب سے قیدی ہم ہیں تو وہ پابندِ حیا ٹھہرے

ثبات اے عشق یہ ہے اور اسی کا نام استقلال
حسینانِ جہاں سے مل کے پھر تم پارسا ٹھہرے

خدا جانے مآل اس کا بھلا ٹھہرے برا ٹھہرے
علم کی تیغ جو اُس نے تو ہم بھی سر جھکا ٹھہرے

جفا ٹھہرے سزا ٹھہرے وفا ٹھہرے عطا ٹھہرے
کرو جو کچھ ہمارے حق میں تو تم کو روا ٹھہرے

لبوں پر جان آئی ہے بجا وہ کہ نا ٹھہرے
چلے لے ساتھ ہم کو گھر ہمارے گھر میں یا ٹھہرے

تکلف برطرف کیجو اب آنکھیں اپنی حاضر ہیں
بجائے فرش اُن کو وہ جہاں جا بچھا ٹھہرے

بُرائی دوستی ہر چند ہم اُنکو جتاتے ہیں
کریں کیا پھر جو سن سن کے سراسر وہ نیا ٹھہرے

دلِ خونیں ہمارا بھی کرو پامالِ احساں ہے
عبث تم دستگیرِ طائرِ رنگِ حنا ٹھہرے

سارے دشمن دوست میرے بن گئے تو کیا ہوا — دوست کا سا میں بھی اک کہنا ہوں دشمن دیکھیے

شیخ جی نے تو کیا خرقہ کو رہنِ جامِ مے — تر نہیں ہوتا ہے مے سے اُن کا دامن دیکھیے

سالکو ہے دور راہِ عشق سے خوف و خطر
راہرو اس رہ کا اپنا آپ رہزن دیکھیے

دستِ رنگیں میں مرے گل رو کے سوسن دیکھیے — آگ میں روئی ہے سالم اور روشن دیکھیے

لے گیا دل میرا اک طفلِ برہمن دیکھیے — اس کو اب تو ہے سراسر گرم شیون دیکھیے

دیدنی کب ہے دِلا بے یار گلشن دیکھیے — بوئے گل کو اب اسیرِ دود گلخن دیکھیے

چہرہ تاباں کو اس کے مے سے روشن دیکھیے — آتشِ آتش کے لیے ہوتی ہے روغن دیکھیے

ساقیا قلقل سے مینا گرم شیون دیکھیے — رو برو گل کے ہے بلبل کیا تو ازن دیکھیے

نقدِ دل اور اشکِ گوہر رنگ کندن دیکھیے — کیا ہی ساماں سے بنے ہیں ہم مہاجن دیکھیے

محتسب سے بڑھ کے میں ہوں شرب دشمن دیکھیے — طوق میرا ہاتھ اور مینا کی گردن دیکھیے

خاک کی جا گھر وہاں پھولوں کا خرمن دیکھیے — اب شہیدِ ناز کا تم چل کے مدفن دیکھیے

تیغِ جوہر دار کی حسرت میں شیون دیکھیے — زخمِ دل کے لب پہ جاری وردِ جوشن دیکھیے

ضعف سے یاں ہے گریباں طوقِ گردن دیکھیے
پاؤں کی بیڑی وہاں بس دورِ دامن دیکھیے

⸻

رہے زر ہاتھ میں گل کے یہ کیا طرفہ تماشا ہے
کہ مرغانِ چمن سارے فقیرِ بانوا ٹھہرے

علاج اس کا نہ تم سے ہو طبیبو باز آؤ اب
کہ درد و داغ بہتر ہے اگر دل کی دوا ٹھہرے

نہیں معلوم کیونکر اب بتاں سے ہماری آہ
نہ ہوتے زود رنج اے کاش اگر دیر آشنا ٹھہرے

نظر بازی سے باز آؤ کہ یہ عشق مجازی ہے
مناسب دل لگی کو اور کوئی مشغلہ ٹھہرے

تعلق دل کا پوشیدہ جو با فقر و فنا ٹھہرے
لباسِ ظاہری کی ہی عبا ٹھہرے قبا ٹھہرے

مکان ایک ایک کیسا خوشنما امید کا ٹھہرے
اگر دل کی ہمارے سرزمیں کا زلزلہ ٹھہرے

کہاں پھر ناخنِ تدبیر کی رحمت سے بچ سکتے
بہلنے کو عقدِ دل کے اپنے سب مشکل کشا ٹھہرے

گرہ ان ابروں سے کھلنے کی امیدواری میں یا
کھلے دن رات اپنے ایسے ہی دستِ دعا ٹھہرے

کریں کیا کچھ نہیں چارہ بلائے آسمانی کا
نہ ہو برسات رونے کی جو یوں غم کی گھٹا ٹھہرے

دلِ پُر شور و سرگرداں ٹھہرتا ہی نہیں آخر
کسی کے ہاتھ کا لٹو بنے یا جھنجھنا ٹھہرے

نہ غم ان کو اسیری کا نہ خواہش آب و دانہ کی
اسیرِ دام ان کے طائرِ قبلہ نما ٹھہرے

ہاتھ میں اس سیم تن کے تیغِ آہن دیکھیے
جس کے یکسر منکے مقناطیس گردن دیکھیے

سیم تن کا بیٹھنا نخوت سے تن تن دیکھیے
ضعف سے جاتی ڈھلی ہے میری گردن دیکھیے

آئینہ میں اپنی صورت یوں جو بن ٹھن دیکھیے
ہو گئے عاشق اپنے ہو کے میرے دشمن دیکھیے

دوستانِ ظاہری کا کیا کہوں میں اختلاط
تیز تر آتش سے بھی یہ ربطِ دشمن دیکھیے

جس نے تجھے پایا سمجھا ہوگا اُس نے
اپنے ہی خیالات سے دل بہلایا

سچ ہے کہ وہی صاحبِ عرفاں ہُوا
نادانی جو اپنی جان انجان ہُوا
جو آ بیٹھ کے بحث کو دیتا ہے جلا
انساں سے شیطاں ہوا حیران ہُوا

مانند رسُول حق محبوب خُدا
اصحاب کا مداح علیؑ مولا
جب صاف حدیث سے یہ مضموں کُھلا
انکار منافقوں کا نکلا بیجا

گو تا رنگ سے ہر کوئی جال بُنا
پر کس نے ترے باغ سے اک پھول چنا
جس رنگ کو دیکھوں وہ ترا پردہ ہے
یہ جوشِ بہار جلوہ دیکھا نہ سُنا

ایمان ہمارا ہے بڑی رب کی عطا
دُنیا کی یہ عزت یہ نجاتِ عقبیٰ
کیا کہئے جو حاصل ہو کمالِ اسلام
مانگو یہ دعا اور کرو شکرِ خدا

یارب ہوں غلامِ شافعِ محشر کا
اصحاب کا اور آلِ اطہر کا
بدعت کے تو دوزخ سے بچا اور مجھ کو
فردوس ملے سُنّتِ پیغمبر کا



اللہ رے معبود کسی کو اپنا — کیا ذات میں کیا صفت میں سا جھی رکھا
ہر شے کی زبان پر یہی ہے جاری — سُبحانَ رَبّیَ العَظِیمِ الاَعلیٰ

قائل جو ہوا تیری خداوندی کا — ہے دعویٰ بجا اُس کو خردمندی کا
جو تیری خدائی پہ ہنسے ہے ناداں — غم کھانا پڑے گا اُسے خرسندی کا

رکھتا ہے گدا تیرا سرِ شاہی کا — بیخود کو ترے دماغ آگاہی کا
پر راہِ رضا کٹھن ہے ایسی تیری — ڈر خضر کو بھی رہے ہے گمراہی کا

غفلت کی تھی نیند خواب پریشاں دیکھا — دل کثرتِ جرم سے ہراساں دیکھا
امید ہے بخشش کی جو تھا خوفِ عذاب — بس نام ترا رحیم و رحمٰں دیکھا

تونے بہت کچھ ہی ہیں سمجھایا — پہ کچھ بھی نہ سمجھ میں پر کسی کی آیا

ہمت یہ مری عالی، دنیا ہے دنی — اس سے نہیں کچھ حاصل جز دل شکنی
کیا ہے فکر ہے جب نام عبدالباسط — محتاج نرا بندہ ہوں اے ربِ غنی

محبوب خدا کی کرے کیا کوئی ثنا　　ممدوح محمدؐ سا پیدا نہ ہوا
پایا جو رؤف اور رحیم اس نے خطاب　　ویسا ہی کرے گا کام جیسا ہی کہا

ہمنام خدا کون نبی کہیے ہوا　　اور ختم رسالت کو بھلا کس نے کیا
قرآن سی کتاب دیکھئے بھلا اس کو ملی　　پڑھیے گا درود اس پہ ہر صبح و مسا

اے آہ ترا دھیان نہیں دلبر کو　　میری نہ جلا تو جان مضطر کو
آئینہ سینہ کی جلا ہے اس سے　　برباد نہ کر دل کی خاکستر کو

رو کے کیسا کوئی دل مضطر کو　　یہ طاقت مقدور کب ہے بشر کو
ہر دم معشوق سے ملنے کا خیال　　ہے ہے کیا اے عشق دھننے ہی سر کو

ہے کام جو مجھ سے عشق دلبر کو　　بیکاری سے فرصت نہ ملی دم بھر کو
دکھلاوے گی کیا عقل بھلا اپنا ہنر　　کب دیکھنے کی تاب ہے چشم تر کو

آئینہ بنایا ہے کہ زنگار مجھے　　کر چہرہ کا یا خط کا گرفتار مجھے
تو اپنے لئے پیار کر اے یار مجھے　　تیرے لئے میں تو بھی ہوں درکار مجھے

در اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد دکن
طبع گردید